★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | جمعرات 29 رجب المرجب 1446ھ، 30 جنوری 2025ء 17 ماگھ 2081پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 101

غیر قانونی ہاؤسنگ سوسائٹیز کا بااثر پنجاب سپیشل پلاننگ اتھارٹی قائم کرنے کا فیصلہ

وزیراعلیٰ نے منظوری دیدی

ٹاؤن پلاننگ مستحکم مستقبل کی ضمانت ہوتی ہے، ناقص حکمت عملی کی وجہ سے اربن ایریاز میں بے ہنگم غیر قانونی ہاؤسنگ سوسائٹیاں بن رہی ہیں: مریم نواز شریف

وزیر اعلیٰ مریم نواز کی زیر صدارت ہاؤسنگ سوسائٹیز سے متعلق اجلاس، کمرشل اور رہائشی علاقوں کے الگ الگ یکساں کلر اور ڈیزائن کی تجویز کا جائزہ



لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

لاہور (سمیعہ فیاض) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت ہاؤسنگ سوسائٹیز کے حوالے سے خصوصی اجلاس منعقد ہوا جس میں کمرشل اور رہائشی علاقوں کے الگ الگ یکساں کلر اور ڈیزائن کی تجویز کا جائزہ لیا گیا۔ ہاؤسنگ سوسائٹیز میں گھروں کو ماحول دوست، واک ایبل اور جدید تقاضوں کے مطابق بنانے کی سفارشات پر غور کیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ہاؤسنگ سیکٹر کی زیر التواء درخواستوں کو فوری طور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)

پی ٹی آئی جمہوریت پر یقین نہیں رکھتی، انتشار چاہتی ہے، بیرسٹر عقیل ملک

ہم نے کمیٹی تحلیل نہیں کی، 2 دن تک دیکھیں گے، پی ٹی آئی اور جے یو آئی کے ایک دوسرے پر تحفظات بھی ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر قانون بیرسٹر عقیل ملک نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی والے جمہوریت پر یقین نہیں رکھتے، انتشار چاہتے ہیں۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر عقیل ملک نے کہا کہ ہم نے کمیٹی تحلیل نہیں کی، 2 دن تک دیکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)

جج ہمایوں دلاور کیخلاف سوشل میڈیا مہم

اسلام آباد ہائیکورٹ نے آئی اے ایف کو ٹرائل آگے بڑھانے سے روک دیا

اسلام آباد ہائیکورٹ نے مقدمے سے متعلق تمام ریکارڈ بھی طلب کرلیا، پیکا 2016 کی سیکشن 20 عدالت سے کالعدم ہوچکی لہٰذا اس قانون کے تحت کارروائی نہیں ہوسکتی، جسٹس بابر ستار

انکوائری کیسے شروع ہوئی اور کیسے کارروائی کی گئی؟ بادی النظر میں ایف آئی اے نے اختیارات کا غلط استعمال کیا ہے: سماعت کا 3 صفحات پر مشتمل تحریری حکمنامہ جاری

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے ایڈیشنل سیشن جج ہمایوں دلاور کے خلاف مبینہ سوشل میڈیا مہم پر ڈائریکٹر اینٹی کرپشن کے پی صدیق انجم کے خلاف مقدمے پر ٹرائل کورٹ کو کارروائی سے روک دیا ہے جبکہ جسٹس بابر ستار نے آرڈر میں لکھا ہے کہ عدالت توقع کرتی ہے کہ ہائی کورٹ میں معاملہ حل ہونے تک ٹرائل کورٹ مزید کارروائی نہیں کرے گی۔ اسلام آباد ہائیکورٹ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

آئینی بینچ نے جسٹس منصور کے 13 اور 16 جنوری کے آرڈرز واپس لے لیے

جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں 7 رکنی آئینی بینچ نے سماعت کی، عدلیہ کی آزادی کی فکر صرف چند کو نہیں سب کو ہے، جو کام کریں وہ تو ڈھنگ سے کریں، جسٹس جمال مندوخیل

جسٹس منصور علی شاہ نے کسٹمز ڈیوٹی کا کیس اپنے بینچ میں لگانے کا حکم دیا ہے، کیا اس آرڈر کی موجودگی میں آگے بڑھ سکتے ہیں: جسٹس محمد علی مظہر کے ریمارکس

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے آئینی بینچ نے کسٹمز ڈیوٹی کیس میں جسٹس منصور علی شاہ کی سربراہی میں 2 رکنی بینچ کے 13 اور 16 جنوری کے آرڈرز واپس لے لیے۔ جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں 7 رکنی آئینی بینچ نے سماعت کی، اٹارنی جنرل نے بتایا کہ حکومت نے جسٹس منصور علی شاہ کا توہین عدالت کیس کا فیصلہ چیلنج کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ جسٹس محمد علی مظہر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)



اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سے بین الاقوامی سرمایہ کاروں کا وفد ملاقات کر رہا ہے

پاکستان چین کے مابین دوستی کا لازوال رشتہ ہے

شہباز شریف

رواں چینی سال کی علامت ''سانپ'' حکمت کی علامت جو ہمیں مشکلوں سے ابھرنے کی قوت و اجتماعی طاقت کا سبق دیتی ہے، وزیراعظم شہباز شریف کا چین کے سال نو کے موقع پر تہنیتی پیغام

پاکستان کی حکومت اور عوام کی جانب سے صدر شی جن پنگ، چین کے برادر عوام اور پاکستان میں موجود چینی دوستوں کو نئے سال کے پرمسرت موقع پر تہہ دل سے مبارکباد پیش کرتے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان کی حکومت اور عوام کی جانب سے چین کے صدر شی جن پنگ، چینی عوام اور پاکستان میں موجود چینی شہریوں کو چین کے سال نو کے موقع پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ چین کی نشاۃ ثانیہ 21 ویں صدی کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)

آصف علی زرداری کی چینی سال نو کے موقع پر صدر شی جن پنگ کو مبارکباد

صدر مملکت کا شی جن پنگ کی صحت، چینی عوام کی مسلسل ترقی اور خوشحالی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے چینی سال نو موسم بہار کے تہوار کی آمد کے موقع پر عوامی جمہوریہ چین کے صدر شی جن پنگ کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ بدھ کو ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے اپنے خط میں پاکستان اور چین (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)

پیکا ایکٹ کی مذمت، صحافی برادری کے ساتھ کھڑے ہیں، جماعت اسلامی

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی محمد جاوید قصوری نے کہا ہے کہ پیکا ایکٹ ترمیمی بل صحافت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)



اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے کمیونیکیشن عبدالعلیم خان نیشنل ہائی وے اتھارٹی کی میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں

صدر آصف علی زرداری کے دستخط کے بعد پیکا ترمیمی بل قانون بن گیا

وفاقی حکومت تین سال کیلئے ٹربیونل ممبران تعینات کرے گی، سوشل میڈیا پروٹیکشن ٹربیونل 90 روز میں کیس نمٹانے کے پابند ہوں گے

اسلام آباد: (مانیٹرنگ ڈیسک) صدر مملکت آصف علی زرداری نے پیکا ترمیمی بل 2025 پر دستخط کردیئے۔ ذرائع کے مطابق ایوان صدر کی جانب سے جاری کردہ اعلامیہ میں بتایا گیا کہ صدر مملکت آصف علی زرداری نے پیکا ترمیمی بل 2025 پر دستخط کردیئے ہیں۔ اعلامیہ کے مطابق (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)



اسلام آباد: یورپین یونین کے وفد کا وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارر کیساتھ ملاقات سے پہلے گروپ فوٹو



اسلام آباد: لکسمبرگ کے سفیر صدر آصف علی زرداری کو اپنے ڈپلومیٹ دستاویزات پیش کر رہے ہیں

پی ٹی آئی کے جنید اکبر قومی اسمبلی کمیٹی سے مستعفی

جنید اکبر قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے اوورسیز پاکستانی اور ہیومن ریسورس ڈیولپمنٹ کے چیئرمین تھے

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی کے ممبر قومی اسمبلی جنید اکبر نے قومی اسمبلی کمیٹی سے استعفیٰ دے دیا۔ جنید اکبر قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے اوورسیز پاکستانی اور ہیومن (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 23)

ریگولر بینچ کے احکامات کالعدم کرنے پر وکلا کی تنقید

جسٹس منصور شاہ کسی ٹینک ڈویژن کی کمانڈ نہیں کرتے، سابق ایڈیشنل اٹارنی جنرل طارق محمود کھوکھر

اسلام آباد (این این آئی) آئینی بینچ کے ارکان توہین عدالت کی کارروائی شروع کرنے پر ریگولر بینچ پر برہمی کا اظہار کر رہے ہیں جبکہ قانونی ذہنوں کا خیال ہے کہ سینئر جج جسٹس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

سندھ ہائیکورٹ کے 12 ایڈیشنل ججز نے عہدے کا حلف اٹھالیا

جسٹس میراں محمد شاہ، جسٹس تنسیم سلطانہ، جسٹس حسن اکبر، جسٹس عبدالحامد بھرگڑی و دیگر شامل



اسلام آباد: کامرس کے وزیر جام کمال یوالیس کی متالی اے بیکر کو سوینئر پیش کر رہے ہیں

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ کے 12 ایڈیشنل ججز نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 19)

بھارت کو تارکین وطن کے خلاف امریکی کریک ڈاؤن کے منفی اثرات کا خدشہ

نئی دہلی (این این آئی) غیر قانونی تارکین وطن کے خلاف امریکی کریک ڈاؤن سے بھارت میں خدشات اور غیر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)



اسلام آباد: وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سرینا چوک انڈر پاس کے کام کا معائنہ کر رہے ہیں

پیکا ترمیمی ایکٹ 2025 لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج

نئی سزاؤں کے اضافے سے ملک میں رہ جانے والی تھوڑی سی آزادی بھی ختم ہو جائے گی

لاہور (این این آئی) پیکا ترمیمی ایکٹ 2025 کو لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا گیا۔ درخواست ممبر لاہور پریس کلب جعفر بن بارنے اپنے وکیل کے توسط سے دائر کی، درخواست میں الیکشن کمیشن، پی ٹی اے سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست گزار (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 69)

عمران خان کی توشہ خانہ ٹو کیس دوسرے بینچ بھیجنے کی استدعا ایک بار پھر مسترد

اسلام آباد ہائیکورٹ نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کے وکیل کو کیس میں مزید معاونت کی ہدایت کر دی

اسلام آباد (این این آئی) بانی چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی توشہ خانہ ٹو کیس فوری دوسرے بینچ میں بھیجنے کی استدعا ایک بار پھر مسترد ہو گئی۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے بانی پی ٹی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)

غیر قانونی ہاؤسنگ سوسائٹیز: پنجاب سپیشل پلاننگ اتھارٹی قائم کرنے کا فیصلہ

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت اجلاس، یکساں کلر اور ڈیزائن کی تجویز کا جائزہ

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے غیر قانونی ہاؤسنگ سوسائٹیز کے سدباب کے لئے پنجاب سپیشل پلاننگ اتھارٹی قائم کرنے کا اصولی فیصلہ کر لیا۔ وزیر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

پیکا ترمیمی ایکٹ آزاد صحافت پر پابندی کی شروعات ہے، جے یو آئی

جمعیت علمائے اسلام (ف) پیکا ایکٹ ترمیمی بل کیخلاف صحافیوں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 17)

سلامتی کونسل پاکستان انروا کے خاتمے خطرات سے خبردار کر دیا

اسرائیل کے مسلسل اقدامات عالمی برادری کی توہین، انروا کو کام سے روکنا غزہ کی بحالی اور سیاسی منتقلی کے امکان کو ختم کر دے گا، منیر اکرم

انروا لاکھوں فلسطینی مہاجرین کے لیے امید کی کرن ہے، بطور اقوام متحدہ کے رکن ملک اسرائیل انروا کے کام میں مدد کرنے کا پابند ہے

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں پاکستان نے انروا کے خاتمے کے خطرات سے خبردار کر دیا۔ اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب سفیر منیر اکرم نے کہا ہے کہ اسرائیل کے مسلسل اقدامات عالمی برادری کی توہین ہیں، انروا کو کام سے روکنا غزہ کی بحالی اور سیاسی منتقلی کے کسی بھی امکان کو ختم کر دے گا۔ انہوں نے کہا ہے کہ انروا لاکھوں فلسطینی مہاجرین کے لیے امید کی کرن ہے، بطور اقوام متحدہ کے رکن ملک اسرائیل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)



آئرلینڈ: چیئرمین سینیٹ کی سربراہی میں پارلیمنٹری وفد کا آئرلینڈ کی نئی اسپیکر کیساتھ گروپ فوٹو

مریم نواز خدمت کی سیاست میں مصروف، ہر طرف خوشحالی ہوگی، سیف الملوک کھوکھر

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) لاہور کے صدر و رکن (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 25)

وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر میں اہم اجلاس

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

یوم یکجہتی کشمیر 5 فروری کو منایا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) یوم یکجہتی کشمیر 5 فروری کو منایا جائے گا۔ 5 فروری (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

سانحہ 9 مئی کے 13 مقدمات، عدالت کا کیسز کے مکمل چالان پیش کرنیکا حکم

راولپنڈی (این این آئی) انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 30)

امریکی وفاقی عدالت نے ٹرمپ انتظامیہ کا اقدام روک دیا

واشنگٹن (این این آئی) وفاقی عدالت نے فیڈرل گرانٹس اور قرضوں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 31)

وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور سے اقوام متحدہ کے وفد کی ملاقات

خیبر پختونخوا میں جاری مختلف عوامی فلاح و بہبود کی سرگرمیوں پر تفصیلی تبادلہ خیال

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور سے اقوام متحدہ کے ریزیڈنٹ کوآرڈینیٹر برائے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 29) ملاقات کی۔ وفد کی قیادت اقوام متحدہ کے ایلچی سطح وفد نے



راولپنڈی: پارلیمنٹری سیکرٹری برائے انفارمیشن بیرسٹر دانیال چوہدری ایک ریلی کی قیادت کر رہے ہیں

ڈیل کی امید ختم ہونے پر اڈیالہ جیل کے قیدی نے مذاکرات ختم کر دیئے

عظمیٰ بخاری

این آر او کا متلاشی آپ کا لیڈر اور اسکا خاندان ہے، اس میں نواز شریف کا قصور نہیں، وزیر اطلاعات پنجاب

مریم نواز کو پنجاب کے لوگوں کی خدمت سے فرصت نہیں مذاکرات کا بخار آپ لوگوں کو ہی چڑھا تھا

لاہور (سمیعہ فیاض) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ نواز شریف اور مریم نواز کا کہنا تھا کہ این آر او کا متلاشی آپ کا لیڈر اور اسکا خاندان ہے، اس میں نواز شریف کا قصور نہیں، مریم نواز کو سیف کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ مذاکرات کا بخار آپ لوگوں کو ہی چڑھا تھا۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کے لوگوں کی خدمت سے فرصت نہیں مذاکرات کا بخار آپ لوگوں کو ہی چڑھا تھا۔ انہوں نے کہا کہ اڈیالہ جیل کے قیدی کو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 32)

یوم یکجہتی کشمیر 5 فروری کو منایا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) یوم یکجہتی کشمیر 5 فروری کو منایا جائے گا۔ 5 فروری (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

سانحہ 9 مئی کے 13 مقدمات، عدالت کا کیسز کے مکمل چالان پیش کرنیکا حکم

راولپنڈی (این این آئی) انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 30)

امریکی وفاقی عدالت نے ٹرمپ انتظامیہ کا اقدام روک دیا

واشنگٹن (این این آئی) وفاقی عدالت نے فیڈرل گرانٹس اور قرضوں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 31)

سعودی ولی عہد سے ملاقات، ٹرمپ کا نمائندہ ریاض پہنچ گیا

ریاض (این این آئی) ایک امریکی عہدے دار کے مطابق مشرق وسطیٰ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)

حال ہی میں مقرر کیے گئے سربراہ لاپتہ افراد کمیشن جسٹس (ر) فقیر محمد کھوکھر انتقال کر گئے

اسلام آباد (این این آئی) حکومت کی جانب سے حال ہی میں لاپتہ افراد کمیشن کے سربراہ مقرر کیے گئے جسٹس (ر) فقیر محمد (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)

بھارت مقبوضہ جموں و کشمیر میں نوآبادیات ایجنڈے پر عملدرآمد تیز کر رہا ہے، حریت کانفرنس

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)

اسلام آباد ایئرپورٹ پر کارروائی، ٹرالی بیگ میں مہارت سے چھپائی گئی کلو سے زائد آئس برآمد

اسلام آباد (این این آئی) ایئرپورٹس سیکیورٹی فورس نے اسلام آباد ایئرپورٹ پر کارروائی کے دوران ٹرالی بیگ میں مہارت سے چھپائی گئی کلو سے زائد آئس برآمد کر لی۔ ترجمان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 21)

عام شہری کا ملٹری ٹرائل ہو تو کیا ملزم کے اہل خانہ کو رسائی ہوتی؟ جسٹس حسن اظہر

عدالت نے 9 مئی مقدمات سے ہٹ کر ملٹری کورٹس کے فیصلوں کی مثالیں مانگ لیں

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے آئینی بینچ نے سویلینز کے ملٹری ٹرائل کیس میں وزارت دفاع کو ہدایت کی ہے کہ 9 مئی مقدمات سے ہٹ کر ملٹری کورٹس کے فیصلوں کی مثالیں پیش کریں۔ سپریم کورٹ میں فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل کے خلاف ا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)



اسلام آباد: وزیراعظم کے یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود احمد خان کا یوتھ سمیلکے سیشن میں شریک ہیں

نواز شریف اور مریم مذاکرات کی ناکامی کے مشن میں کامیاب ہوگئے، بیرسٹر سیف

عرفان صدیقی اور رانا ثناء اللہ کے بیانات سے حکومت کی غیر سنجیدگی واضح تھی، مشیر اطلاعات

پشاور (این این آئی) مشیر اطلاعات خیبر پختون خوا بیرسٹر محمد علی سیف کا کہنا ہے کہ نواز شریف اور مریم نواز مذاکرات کی ناکامی کے مشن میں کامیاب ہوگئے۔ ایک بیان میں بیرسٹر سیف کا کہنا ہے کہ نواز شریف نے عرفان صدیقی کو مذاکرات کی ناکامی کا ہدف دیا تھا۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

حکومت نہیں چاہتی تھی مذاکرات ہوں اور مسائل کا حل نکلے، چیئرمین PTI

ہم نے مطالبات میں جوڈیشل کمیشن بنانے کا کہا تھا لیکن حکومت نے جواب نہیں دیا کیونکہ حکومت چاہتی نہیں تھی مذاکرات ہوں

ہم نے اپنے مطالبات حکومت کے سامنے رکھے لیکن حکومت نے مذاکرات میں تاخیر کی، حکومت سنجیدہ ہوتی تو اپنا جواب دیتی: بیرسٹر گوہر

راولپنڈی (این این آئی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر خان کا کہنا ہے کہ ہم نے مطالبات میں جوڈیشل کمیشن بنانے کا کہا تھا لیکن حکومت نے جواب نہیں دیا کیونکہ حکومت چاہتی نہیں تھی مذاکرات ہوں اور مسائل کا حل نکلے۔ راولپنڈی کچہری میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ ہم نے اپنے مطالبات حکومت کے سامنے رکھے لیکن حکومت نے مذاکرات میں تاخیر کی، حکومت سنجیدہ ہوتی تو اپنا جواب دیتی۔ انہوں نے کہا کہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)



اسلام آباد: وفاقی وزیر خوراک رانا تنویر حسین کا بی جی آئی گروپ کے وفد سے ملاقات کے وقت گروپ فوٹو

روزنامہ قوت لاہور

سٹی نیوز

مسلم لیگ یوتھ ونگ کی جانب سے چودھری شجاعت حسین کی سالگرہ کا اہتمام

مرکزی صدر کامران بنگشی کی ہدایت پر یوتھ ونگ لاہور کے صدر محمد ندیم چودھری نے کیک کاٹا



لاہور (خبر نگار) پاکستان مسلم لیگ یوتھ ونگ لاہور کی جانب سے پارٹی قائد چودھری شجاعت حسین کی سالگرہ کے حوالے سے ایک تقریب کا اہتمام کیا گیا تقریب کا اہتمام پاکستان مسلم لیگ یوتھ ونگ کے مرکزی صدر کامران بنگشی کی خصوصی ہدایت پر یوتھ ونگ لاہور کے صدر محمد ندیم چودھری نے کیا تھا۔اس موقع پر ان کا کہنا تھا کہ چودھری شجاعت حسین کی سالگرہ کا کیک کاٹا گیا اور ملک و قوم کی سلامتی اور چودھری شجاعت حسین کی درازی عمر کے لئے خصوصی دعا بھی کی گئی

خیبر پختونخواہ کے زیر تربیت افسران کا ایبل ڈی اے ہیڈ کوارٹر کا دورہ

ایڈیشنل ڈی جی ہیڈ کوارٹرز نے وفد کو ایبل ڈی اے کے مختلف امور اور منصوبوں بارے آگاہ کیا

لاہور (خبر نگار) خیبر پختونخواہ کے زیر تربیت افسران نے گزشتہ روز ایبل ڈی اے ہیڈ کوارٹر جوہر ٹاؤن کا دورہ کیا۔ ایڈیشنل ڈی جی ہیڈ کوارٹر کوثر عباس نے وفد کو ایبل ڈی اے کے مختلف امور اور منصوبوں بارے آگاہ کیا۔ وفد کو ایبل ڈی اے کی ڈیجیٹل ڈیوائس ایبل ایپ کے بارے بریفنگ دی گئی۔ وفد کو سسٹین ایبل ڈویلپمنٹ کے تحت ایبل ڈی اے کے منصوبوں میں جاری اقدامات بارے بریفنگ دی گئی۔ وفد کو بلڈنگ بائی لاز زوننگ ریگولیشنز پر ایبل سکیموں اور میگا پراجیکٹس بارے بریفنگ دی گئی، 45 رکنی وفد کی قیادت ڈائریکٹر جنرل سٹاف ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ دلدار احمد کر رہے تھے۔



خیبر پختونخواہ کے زیر تربیت افسران کا ایبل ڈی اے افسران کے ہمراہ گروپ فوٹو

لاہور کنٹونمنٹ بورڈ کچرے اور گندگی کے ڈھیر



لاہور (ممبر اسمبلی سے) کنٹونمنٹ بورڈ حسین آباد روڈ پر جگہ جگہ کوڑے اور گندگی کے ڈھیر نظر آرہے ہیں ایسے لگتا ہے کہ اس وارڈ کے انچارج نے ورکروں کو کھلی چھٹی دے دی ہے اس وجہ سے حسین آباد روڈ کا بھی برا حال ہے اعلیٰ افسران کو فوری نوٹس لینے کی اور ذمہ داران کے خلاف کارروائی کرنے کی ضرورت ہے

سوشل میڈیا جرنلسٹ کا پہلا اجلاس جمعہ میاں منور اقبال کی زیر صدارت پریس کلب میں منعقد ہوا



فیصل آباد (سماں محمد ساجد) سوشل میڈیا جرنلسٹ کا پہلا اجلاس جمعہ میاں منور اقبال کی زیر صدارت پریس کلب میں منعقد ہوا جس میں سیکرٹری ملک اورنگ، نائب صدر حسنان بخاری، جوائنٹ سیکرٹری یوسف چیمہ، فنانس سیکرٹری شعیب الطاف، انفارمیشن سیکرٹری فیضان خالد اور ایڈیشنل ممبران جلال اشرف، ابرار رکشر، عظیم حبیب بلی رضا مہیں میاں ارسلان نے شرکت کی اس موقع پر صدر سوشل میڈیا جرنلسٹ میاں منور اقبال نے اظہار خیال کیا کہ جدید دور میں صحافت کو بھی ڈیجیٹل میڈیا پر منتقل کرنا ایک بڑی ذمہ داری ہے شیخ زکی اور ان فیصل آباد کی آواز اٹھانے کے لئے صحافی برادری کو ایپ سوشل میڈیا کا استعمال زیادہ کرنا ہوگا جس کے

اسسٹنٹ ڈائریکٹر احمد عمران گجر سے چوہدری طارق محمود گجر کی ملاقات



شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) محکمہ نادرا کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر احمد عمران گجر سے پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے ضلعی نائب صدر وکٹ ہولڈر پی پی 141 چوہدری طارق محمود گجر نے ملاقات کی اور انہیں دفتری کتب کا تحفہ پیش کیا۔ انہوں نے احمد عمران گجر کی بطور اسسٹنٹ ڈائریکٹر انجام دہی کی تعریف کی اور کہا کہ انہوں نے اپنی محکمانہ خدمات کو بھی سرانجام دیا اور انکی تعیناتی میں محکمہ کی مستعدی و کارکردگی میں اضافہ کو بھی سراہا۔ علاقہ معززین نے ڈائریکٹر نادرا احمد عمران گجر کے کنٹاوں کا تحفہ دے کر چوہدری طارق محمود گجر کو شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ نادرا آفس شیخوپورہ کی موثر کارکردگی کا باعث عوامی اطمینان ہے

ضلع ساہی شخصیت راجہ جاوید انصر کی ڈی پی او اور احمدی الدین کے گھر جا کر ان سے تعزیت کا اظہار

چکوال (ایم ایو سلطانی) ضلع چکوال کی عظیم ساہی شخصیت راجہ جاوید انصر نے ڈی پی او چکوال احمدی الدین کے والد محترم کی وفات پر ان کی رہائی گاؤں جوڑا چکیانہ ضلع گجرات میں جا کر اظہار تعزیت کی ۔ مرحوم کرنل ریٹائرڈ ضیاء الدین نعمان کے لیے دعائے مغفرت کی اور کہا کہ دنیا فانی ہے ہر ذی روح نے موت کا مزہ چکھنا ہے ہم سب کو اللہ کی رضا پر راضی رہنا چاہیے ۔ اس موقع پر ڈی پی او چکوال احمدی الدین نے راجہ جاوید انصر کی آمد پر ان کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ آپ کی آمد سے ہمارے غم کا بوجھ ہلکا ہوا ہے ۔ اس موقع پر ڈی پی او نے راجہ جاوید انصر کو اپنی والدہ مرحومہ کی یاد میں لگائے گئے باغ کا دورہ بھی کروایا ۔ اس موقع پر ڈی پی او کے والد مرحوم

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) 30 جنوری 2025ء

ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت کی زیر صدارت میگا فارمر گیدرنگ کا اہتمام

ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت (توسیع) گوجرانوالہ ڈاکٹر جاوید اختر پڈھیار نے کاشتکاروں کو جدید پیمانے پر گندم کی کاشت کے مختلف مراحل بارے تفصیل سے آگاہ کیا



گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت (توسیع) گوجرانوالہ ڈاکٹر جاوید اختر پڈھیار کی زیر صدارت مقامی ہوٹل میں میگا فارمر گیدرنگ پروگرام کا اہتمام کیا گیا جس میں پارلیمنٹیرین، ایڈیشنل کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن محمد شفیق اسسٹنٹ کمشنر ریونیو محمد محسن، ڈپٹی ڈائریکٹر پلانٹ پروٹیکشن، اسسٹنٹ ڈائریکٹرز زراعت (توسیع) اور مقامی زرعی ماہرین سمیت علاقہ بھر کے ترقی پسند کاشتکاروں نے بھرپور شرکت کی پروگرام کے شرکاء ممبر صوبائی اسمبلی محمد نواز چوہان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کسانوں کی بہبود کے لئے بھرپور کوشاں ہیں اور اس سلسلہ میں متعدد اقدامات کئے گئے ہیں جن میں کسان کارڈ، گرین ٹریکٹر سکیم، سولر ائریشن اور گندم کے پیداواری مقابلوں کا انعقاد شامل ہے ایڈیشنل کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن محمد شفیق نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ زراعت (توسیع) کی طرف سے جاری کردہ سفارشات پر عمل کر کے ہی کاشت کار اچھی پیداوار حاصل کر سکتے ہیں اسسٹنٹ کمشنر ریونیو محمد محسن ڈھلوں نے کاشتکاروں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ زراعت (توسیع) کی طرف سے اس طرح کے پروگرام بہت اہمیت کے حامل ہوتے ہیں جن میں اچھی پیداوار حاصل کرنے کے سنہری اصول بتائے جاتے ہیں جن پر عمل کر کے کسان اچھی پیداوار حاصل کر سکتا ہے ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت (توسیع) گوجرانوالہ ڈاکٹر جاوید اختر پڈھیار نے کاشتکاروں کو جدید پیمانے پر گندم کی کاشت کے مختلف مراحل بارے تفصیل سے آگاہ کیا میزبان کا کہنا تھا کہ کاشتکار متوازن کھادوں کے استعمال بروقت آبپاشی اور جڑی بوٹیوں کے کنٹرول سے اپنی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کر سکتے ہیں۔

پریس کلب رجسٹرڈ فاروق آباد کے سالانہ انتخابات: عثمان ہاشمی جنرل سیکرٹری منتخب

انجمن تاجران فیملی گروپ نے نومنتخب صدر و جنرل سیکرٹری کا شہر میں والہانہ استقبال کیا



فاروق آباد (حافظ عثمان ہاشمی) پریس کلب رجسٹرڈ فاروق آباد کے سالانہ انتخابات میں بھاری اکثریت کے ساتھ محمد عمران ہاشمی گروپ کے میاں لیاقت علی صدر جبکہ حافظ عثمان ہاشمی جنرل سیکرٹری منتخب ہو گئے گزشتہ روز پریس کلب فاروق آباد کے ہونے والے سالانہ انتخابات میں کل 21 صحافی ووٹرز نے اپنے ووٹ کاسٹ کیے جن میں سے 13 ووٹ میاں لیاقت نے حاصل کیے جبکہ مدمقابل گروپ کے شہباز گھمن گروپ نے اٹھ ووٹ حاصل کیے اس طرح میاں لیاقت علی صدر اور حافظ محمد عثمان ہاشمی جنرل سیکرٹری منتخب ہو گئے اس موقع پر شہر کی تمام سیاسی و سماجی تنظیموں کے سربراہان و عہدیداران نے نومنتخب صدر میاں لیاقت علی اور جنرل سیکرٹری حافظ عثمان ہاشمی کو مبارک باد دیتے ہوئے انہیں پھولوں کے ہار پہنائے جبکہ انجمن تاجران، فیملی گروپ نے نومنتخب صدر و جنرل سیکرٹری کا شہر میں والہانہ استقبال کیا اس موقع پر سرپرست اتحاد امن کونسل الحاج محمد شریف نے کہا کہ نومنتخب عہدیداران پریس کلب کو صحافیوں کے بنیادی حقوق کے حوالے سے مثبت اقدامات اٹھانے ہوں گے۔ ہوگا جبکہ چیئرمین عوامی اتحاد میاں عمران صدیقی نے

عالیہ حمزہ کو پی ٹی آئی کی چیف آرگنائزر بننے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں

پارٹی کو مزید مضبوط کرنے کیلئے اپنی تمام توانائیاں بروئے کار لائیں گی: عامر فاروق



نارنگ منڈی (میاں منعظم سے) عالیہ حمزہ کو پی ٹی آئی کی چیف آرگنائزر بننے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں انہوں نے پارٹی کی خاطر بے شمار قربانیاں دی ہیں امید ہے یہ پارٹی کو مزید مضبوط کرنے کیلئے اپنی تمام توانائیاں بروئے کار لائیں گی عمران خان کے بعد پارٹی کو جوڑے رکھنا ایک مشکل کام تھا الحمدللہ پارٹی مضبوط اور فعال رہی اس کا سارا کریڈٹ قیادت اور خصوصاً کارکنوں کو جاتا ہے ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف کے رہنما چوہدری عامر فاروق باجوہ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ عمران خان کی رہائی بہت جلد یقینی ہے مشکل وقت گزر چکا ہے ہمارے قائدین اور کارکن جیلوں میں قید ہیں سیاسی مقاصد کیلئے وسائل کے استعمال کی حوصلہ شکنی ہونی چاہیے ہمارے قائدین اور کارکنوں نے بہت قربانیاں دی ہیں ان کی قدر کرتے ہیں۔

جہلم پریس کلب کے صحافیوں کی کچہری چوک سے جہلم پریس کلب تک احتجاجی ریلی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم پریس کلب کے صحافیوں نے کچہری چوک سے جہلم پریس کلب تک احتجاجی ریلی نکالی پیکا ایکٹ ترمیمی بل آزادی صحافت پر حملہ ہے مظاہرے میں وکلا سول سوسائٹی کے نمائندوں سمیت تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے صحافیوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی تفصیلات کے مطابق جہلم پریس کلب کی کال پر صحافی برادری نے متنازع پیکا ایکٹ ترمیمی بل کخلاف ملک بھر کی طرح جہلم پریس کلب کے باہر بھی احتجاجی مظاہرہ کیا صحافی رہنماؤں نے پیکا ایکٹ کو مسترد کرتے ہوئے اسے آزادی صحافت پر حملہ قرار دیا متنازع پیکا ایکٹ ترمیمی بل کے خلاف صحافیوں نے بینرز پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے جن پر نعرے درج تھے اس موقع پر صحافیوں نے شدید نعرے بازی بھی کی جنرل سیکرٹری جہلم پریس کلب الیاس صادق وٹو سمیت دیگر رہنماؤں نے خطاب کیا۔

ڈرگ کنٹرولر دیپالپور عدنان یعقوب کے ہمراہ حجرہ شاہ مقیم میں جان بچانے والی ادویات کے ریٹس کی چیکنگ



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) دیپالپور حکومتی ہدایات کے مطابق ڈرگ کنٹرولر اوکاڑہ عمر حیات نے ڈپٹی ڈرگ کنٹرولر دیپالپور عدنان یعقوب کے ہمراہ حجرہ شاہ مقیم میں جان بچانے والی ادویات کے ریٹس کی چیکنگ کی، ڈرگ کنٹرولر نے حجرہ شاہ مقیم کے مختلف بازاروں میں واقع میڈیکل سٹورز اور فارمیسیز پر جان بچانے والے مختلف کمپنیوں کی قیمتی ادویات گزشتہ اور موجودہ ریٹس کا تقابلی جائزہ بھی لیا، ایکسپائرڈ کے دوران مختلف میڈیکل سٹورز پر ادویات کے مقررکردہ ریٹس پائے گئے، ڈرگ کنٹرولر عمر حیات نے کہا ہے کہ جان بچانے والی قیمتی ادویات کی اوور چارجنگ پر سخت ایکشن لیا جائے گا، اور خلاف ورزی کے مرتکب میڈیکل سٹورز اور فارمیسیز کو سیل کر دیا جائے گا۔

محکمہ سول ڈیفنس عوامی جان و مال کی تحفظ کے لیے کوشاں



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ۔ محکمہ سول ڈیفنس عوامی جان و مال کی تحفظ کے لیے کوشاں، سول ڈیفنس آفیسر وقار اکبر کی جانب سے ایل پی جی پلانٹ ہولڈرز کے لیے ایس او پیز جاری کر دیے گئے ہیں جن کے مطابق ایل پی جی باؤزرز اوگرا کے مجاز ایل پی جی پلانٹس کے علاوہ کسی اور جگہ رکھنے کی اجازت نہیں، ایل پی جی باؤزرز کی سیفٹی کے سلسلہ میں تمام قوانین کی پاسداری، غیر معیاری گیس کی خرید و فروخت کی پابندی، ایل پی جی باؤزرز کو خریدتے وقت اس میں گیس کی گنجائش 15 فیصد کم بھروانے اور ضلع کی حدود میں ایل پی جی باؤزر پہنچ والے مقام کے برعکس کھڑا پائے جانے کی صورت میں متعلقہ ایل پی جی کمپنی کے خلاف ایکشن کی ہدایات جاری کر دی گئی ہیں، سول ڈیفنس آفیسر وقار اکبر نے کہا ہے کہ عوامی جانو مار کے تحفظ کے پیش نظر ایل پی جی پلانٹ ہولڈرز اوگرا کے تمام قوانین پر عمل درآمد کو ہر صورت یقینی بنائیں۔

جامعہ حنفیہ غوثیہ 71 ای بی ٹھیکواں شریف عارفوالا میں عرس مبارک کی تقریبات



عارف والا//شمیل کرائم رپورٹر (امیر احمد خان سے) جامعہ حنفیہ غوثیہ 71 ای بی ٹھیکواں شریف عارفوالا میں روحانی پیشوا سید منظور احمد شاہ بخاری کے دو روز عرس مبارک پر زیر صدارت امیر جماعت اہل سنت پنجاب سید خلیل الرحمٰن بخاری دستار فضیلت کی نشست میں عالمی مبلغ اسلام صاحبزادہ ثاقب رضا مصطفائی نے خصوصی خطاب کیا سجادہ نشین بابا فرید گنج شکر دیوان مسعود چشتی کی خصوصی شرکت۔ تفصیل کے مطابق صاحبزادہ ثاقب رضا مصطفائی صاحب نے صوبائی امیر جماعت اہل سنت سید خلیل الرحمٰن بخاری کے ساتھ اپنے دست مبارک سے حفاظ کرام کی دستار بندی کی اس موقع پر علماء کرام عاشقان رسول اور مریدین کی کثیر تعداد موجود تھی دوران خطاب عظیم دینی سکالر ثاقب رضا مصطفائی صاحب نے کہا کہ یہ مدارس اور یہ خانقاہیں دین اسلام کے فروغ کی کیاریاں ہیں ان مدارس میں اپنے بچوں کو دین و دنیا کی حصول تعلیم کیلئے ضرور رجوع کریں آخر پر ملک وملت اور دینی مدارس کے لئے خصوصی دعا کروائی عرس مبارک میں شرکت والے مہمان کو جگر گوشہ منظور العارفین سید محمد احمد شاہ بخاری اور امیر جماعت اہل سنت ضلع پاکپتن سید اعجاز حسین بخاری نے دیگم اور الوداع کہا۔

حکومت پنجاب معیاری تعلیم کے لئے عملی اقدامات کر رہی ہے



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) حکومت پنجاب معیاری تعلیم کے لئے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ چوہدری خالد محمود ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ایلیمنٹری ننکانہ محسن عباس ڈپٹی ڈی ای او سیکنڈری نعیم اختر سلہری ڈپٹی ڈی ای او سی ای او ایجوکیشن۔ دیانتدار اور تعلیم دوست ایجوکیشن افسران کی تعیناتی سے معیار تعلیم میں مزید بہتری آئے گی۔ رائے نجیب الحسن۔ تفصیلات کے مطابق سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ ننکانہ میں حکومت پنجاب نے دیانتدار اور تعلیم دوست ایجوکیشن افسران کی میرٹ پر تقرری کر دی۔ نئے تعینات ہونے والے افسران محترمہ شازیہ بانو چیف ایگزیکٹو آفیسر ایجوکیشن ننکانہ' ایلیمنٹری ننکانہ محسن عباس ڈپٹی ڈی ای او سیکنڈری نعیم اختر سلہری ڈپٹی ڈی ای او سی ای او ایجوکیشن ننکانہ ملک محمد صدیق ڈپٹی ڈی ای او شاہ کوٹ اور جاوید مسیح ڈپٹی ڈی ای او سانگلہ ہل نے اپنے عہدوں کا چارج سنبھال لیا سیکنڈری سکولز ہیڈ ماسٹر ایسوسی ایشن ننکانہ کے عہدیداروں رائے مسعود اشرف دیگر سربراہان ادارہ نے ایجوکیشن کمپلیکس ننکانہ میں نئے تعینات ہونے والے افسران کا پرتپاک استقبال کیا اور مبارکباد دی۔

پولی سٹک اوری سنڈوم خواتین میں ایک عام بیماری ہے

عارفوالا (نامہ نگار) پولی سٹک اوری سنڈوم خواتین میں ایک عام بیماری ہے جس کی وجہ سے ہارمونز میں عدم توازن پیدا ہو جاتا ہے ایسی خواتین جو اس بیماری کا شکار ہوں ان میں حیض کی زیادتی یا کمی کی وجہ سے سر کے بالوں کا گرنا، غیر ضروری بالوں کا بڑھنا، وزن کا بڑھاؤ، ایکنی جلد کا سیاہ ہونے جیسی علامات ظاہر ہوتی ہیں پی سی او ایس ہارمونز کا مسئلہ 15 سے 44 سال کے دوران خواتین کو متاثر کرتا ہے پی سی او ایس کے لئے غذا کا موازنہ کرنے والے مطالعے سے معلوم ہوا ہے کہ کم کاربوہائیڈریٹ وزن میں کمی اور انسولین کی سطح کو بہتر کرنے میں کم از کم تین دن 30 منٹ کی ورزش ہارمونز میں تبدیلی کو بہتر کرتی ہے ان خیالات کا اظہار ماہر غذائیات خدیجہ مصطفےٰ کھرل نے میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ اگر بیماری کا بروقت علاج نہ کیا جائے تو اس سے بانجھ پن، دل کا مرض اور اوورین کینسر کا خطرہ بڑھ جاتا ہے انہوں نے مزید کہا کہ غذائی علاج کیلئے ماہر غذائیات سے رجوع کریں اور بہتر غذا کا استعمال کریں۔

نکانہ صاحب کو تجاوزات سے پاک کریں گے: ڈپٹی کمشنر

حکومتی احکامات کے مطابق تجاوزات کے خلاف کریک ڈاؤن کو مزید تیز کیا جائے گا

نکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈپٹی کمشنر نکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راونے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے تھرا پنجاب ویژن کے تحت ضلع نکانہ صاحب کو خوبصورت اور تجاوزات سے پاک بنانے کے لیے ضلعی انتظامیہ مکمل متحرک ہے، تینوں تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنرز کی سربراہی میں غیر قانونی تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن روزانہ کی بنیاد پر جاری ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار ملاقات کے لیے آنے والے صحافیوں سے گفتگو کے دوران کیا۔ ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راونے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے تھرا پنجاب پروگرام کے حقیقی مقاصد حاصل کیے جائیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ ضلع بھر میں سرکاری اراضی پر ناجائز قابضین کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں جاری ہیں اور تجاوزات کرنے والے دوکانداروں کا سامان ضبط کیا جا رہا ہے، دوران آپریشن پختہ اور عارضی تجاوزات کا خاتمہ کیا جا رہا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ حکومتی احکامات کے مطابق تجاوزات کے خلاف کریک ڈاون کو مزید تیز کیا جائے گا اور ضلع کے تمام شہروں کو تجاوزات سے پاک کیا جائے گا، عوام الناس کو ضلع کے کسی بھی علاقے میں تجاوزات نظر نہیں آئیں گی۔

اوکاڑہ لیسکو اور رینجرز کی مشترکہ کاروائیاں

لیسکو کے ڈیفالٹر اور بجلی چوری کرنے والوں کے خلاف سخت ایکشن: لیسکو زرائع



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ لیسکو اور رینجرز کی مشترکہ کاروائیاں۔ لیسکو کے ڈیفالٹر اور بجلی چوری کرنے والوں کے خلاف سخت ایکشن لیسکو زرائع کے مطابق ایکسئن لیسکو انجینئر طارق بشیر۔ ایس ڈی او انجینئر سید زین الحسن۔ اور میاں زوہیب۔ میاں ارشد۔ رانا علی رضا۔ راؤ عابد۔ سعید جٹ۔ لائن سپرنٹنڈنٹس بے اپنے عملے کے اور رینجرز کے جوانوں ہمراہ لیسکو کے نادہندگان اور بجلی چوری کرنے والوں کے خلاف بلامتیاز سخت کاروائیاں کیں۔ لیسکو ٹیم نے بجلی چوری کرنے والوں کو ہزاروں روپے جرمانے عائد کئے۔ ایکسئین میاں طارق بشیر کا کہنا تھا کہ نادہندگان اور بجلی چوری کرنے والے قومی مجرم ہیں۔ ملک و قوم کو نقصان پہنچانے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی انہوں نے عوام سے بھی اپیل کی کہ بجلی چوری کرنے والوں کی نشاندہی کریں محکمہ سدے کاروائی کرے گا اور نشاندہی کرنے والے کا نام بھی صیغہ راز میں رکھا جائے گا۔ عوام کی مدد سے بجلی چوروں کا قلع قمع کیا جائے گا۔

کھڑیانوالہ: محکمہ انہار دو ہفتے بعد بھی بھل صفائی شروع نہ کروا سکا

کسانوں زمینداروں نے حکام بالا سے نوٹس کی اپیل کر دی



کھڑیانوالہ (نمائندہ قوت) کھڑیانوالہ گردونواح کے مضافات کی زمینوں کو سیراب کرنے والی نہروں کی متاثرہ بھل صفائی کا کام شروع نہ ہو سکا۔ چھوٹی بڑی انہار میں ابھی تک محکمہ انہار کی جانب سے صفائی نہیں کروائی گئی سالانہ بندی 13 جنوری کو ہوئی تھی دو ہفتے گزر گئے لیکن ابھی تک کسی مقام پر سرکاری سطح پر بھل صفائی نہیں ہو رہی۔ جس سے کسان زمیندار نہایت پریشان ہے مقامی ظاہر کیا جا رہا ہے کہ بندی میں توسیع نہ ہو جائے کیونکہ دو ہفتہ گزرنے کے باوجود صفائی شروع نہیں ہوئی نہروں کا رکاوٹ راجباہ جو اریا کے درجنوں چوکوں کی زمینوں کو سیراب کرتا ہے۔ گزشتہ سال اریا کے متعدد چوکوں میں سیدا جباہ صفائی نہ ہونے کی وجہ سے ٹوٹی۔ کسانوں کی لاکھوں روپے کی فصل تباہ ہوئی۔ چوہدری سلیم گجر نمبردار، عارف علی سابق ناظم باسط سلیم ایڈووکیٹ، دلدار پرویز گل، مہیب گل میاں احسن رانا رضوان، شوکت علی، خان بشیر احمد خاں، کاشف محمود ساجی غلام رسول میاں جاوید میاں صابر، شبیر احمد ودیگر نے چیف سیکرٹری پنجاب سیکرٹری آب پاشی، کمشنر فیصل آباد سے فوری نوٹس کی اپیل کی ہے

پاکستان میڈیا کونسل کے صحافیوں کے تعزیتی اجلاس کا انعقاد



سیالکوٹ (بیورو عامر جاوید) سیکرٹری جنرل منور سلطانہ کی ہمشیرہ کی وفات پر گہرے دکھ کا اظہار۔ صدر پاکستان میڈیا کونسل رجسٹرڈ سیالکوٹ عثمان بٹ و سرپرست اعلیٰ پاکستان میڈیا کونسل رجسٹرڈ عدیل خان کی زیر صدارت تعزیتی اجلاس منعقد ہوا۔ اس موقع پر تمام عہدیداران و ممبران نے سیکرٹری جنرل پاکستان میڈیا کونسل مسز منور سلطانہ روزنامہ پاکستان و اینکر پرسن روز نیوز مس مہوش مستقیم کی حالہ مرحومہ کی وفات پر ان کے ساتھ اظہار تعزیت کرتے ہوئے گہرے دکھ کا اظہار کیا گیا۔ اس موقع پر صدر پاکستان میڈیا کونسل نے جمعہ المبارک کو میڈم منور سلطانہ کی رہائشگاہ اگوئی ماڈل ٹاؤن میں منعقدہ دعائیہ محفل میں شرکت کا عندیہ دیا۔ آخر پر مرحومہ کے ایصال ثواب و بلندی درجات کیلئے خصوصی دعا کی گئی۔

ضلع کے واحد بلھے شاہ ڈسٹرکٹ ہسپتال قصور میں ادویات نایاب، نا ایمرجنسی نا او پی ڈی میں ادویات میسر، شہریوں میں سخت تشویش

قصور (بیورو چیف) ضلع کے واحد بلھے شاہ ڈسٹرکٹ ہسپتال قصور میں ادویات نایاب، نا ایمرجنسی نا او پی ڈی میں ادویات میسر، شہریوں میں سخت تشویش پائی جاری ہے

سابق صدر سیالکوٹ چیمبر ملک عبدالغفور منجھے ہوئے بزنس مین ہیں

اپنے دور صدارت میں انہوں نے سیالکوٹ بزنس کمیونٹی کی بہترین نمائندگی کی۔ میاں محمد خلیل



سیالکوٹ (بیورو خواجہ عامر جاوید) ایوان صنعت و تجارت سیالکوٹ کے سابق صدر ملک عبدالغفور بلاشبہ ایک منجھے ہوئے بزنس مین کیساتھ زبردست صلاحیتوں کے مالک صدر گزرے ہیں جنہوں نے سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں غیر ملکی سفیروں و حکومتی شخصیات کو مدعو کر کے بزنس کمیونٹی و سیالکوٹ کے شہریوں کیلئے قابل قدر عملی کاوشیں کیں اور سیالکوٹ چیمبر آف کامرس کی بلڈنگ کی خوبصورتی کو چار چاند لگانے کیساتھ بزنس سیٹلمنٹ سنٹر کے قیام اور موٹر وے سٹی پراجیکٹ و دیگر انکی ٹیم کی بہترین کارکردگی کے باعث شروع ہوئے۔ اس سب میں ان کے ہمراہ سفیر نائب صدر سیالکوٹ چیمبر وہب جہانگیر و نائب صدر ایوان صنعت و تجارت عامر مجید شیخ نے بہترین معاونت کی۔ ان باتوں کا اظہار معروف بزنس مین و سیکرٹری جنرل اتحاد فاؤنڈرز گروپ میاں محمد خلیل نے میڈیا نمائندگان کیساتھ خصوصی نشست کے دوران کیا۔

غیر نمونہ و بغیر نمبر پلیٹ و بنا ہیلمٹ ڈرائیورز کیخلاف ٹریفک پولیس کریک ڈاؤن

ڈی پی او سیالکوٹ فیصل شہزاد کی ہدایات پر عمل پیرا ہیں۔ ترجمان ڈی پی او سیالکوٹ



سکول طلباء کو لیکر جانے والے رکشہ ڈرائیوران کے خلاف بھی کریک ڈاؤن کیا گیا۔ کریک ڈاؤن کے دوران 910 چالان اور 829400 بھاری جرمانہ کیے گئے ہیں ڈی پی او سیالکوٹ فیصل شہزاد نے کہا ہے کہ اہم شاہراؤں اور عوامی مقامات میں کم عمر ڈرائیورز، سیٹ بیلٹ کا استعمال نہ کرنے، بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل چلانے اور دیگر ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے پر سخت قانونی کارروائی کے ساتھ شہریوں کو ٹریفک قوانین اور روڈ سیفٹی کے متعلق آگاہی بھی فراہم کر رہے ہیں، اس ضمن میں سیالکوٹ ٹریفک پولیس آگاہی ونگ کی جانب سے مختلف کالجوں اور یونیورسٹیوں میں ورکشاپس اور سیمینارز منعقد کر کے طلباء کو بھی روڈ سیفٹی اور ٹریفک قوانین کے متعلق آگاہی فراہم کی جا رہی ہے، غیر نمونہ و بغیر نمبر پلیٹ، ہلمٹ نہ پہننے والے افراد اور غیر محفوظ طریقہ سے سکول طلباء کو لیکر جانے والے رکشہ ڈرائیوران کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 910 چالان اور مجموعی طور پر 8 لاکھ 29 ہزار سے زائد جرمانہ کیا گیا۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ فیصل شہزاد کی خصوصی ہدایات پر ضلع بھر میں ٹریفک پولیس کا غیر نمونہ و بغیر نمبر پلیٹ، ہلمٹ نہ پہننے والے افراد اور غیر محفوظ طریقہ سے بوسیدہ گوشت بیچنے والوں کیخلاف کارروائی کا آغاز

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) فوڈ سیفٹی آفیسر صدف ذوالفقار کا ٹیم کے ہمراہ بھاٹھڑیاں والا بازار' تھانیوالا میں بڑے جانوروں کے بوسیدہ' گلے سڑے مضر صحت پائے فروخت کرنیوالوں کیخلاف کریک ڈاؤن' شفیق پائے فروش کی دوکان سے دو من سے زائد بوسیدہ گلے سڑے بدبودار بڑے پائے برآمد ہونے پر سخت محکمانہ و قانونی کارروائی شروع کر دی گئی۔ برآمد شدہ تمام بوسیدہ بڑے پائے میٹریل کو قبضہ میں لیکر عالم چوک سیم نالہ میں تلف کر دیا گیا ہے۔ علاقہ مکینوں و شہریوں نے فوڈ سیفٹی آفیسر میڈم صدف ذوالفقار اور ان کی پوری ٹیم کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ فوڈ اتھارٹی آفیسر میڈم صدف ذوالفقار نے مزید کہا کہ کھانے پینے کی اشیاء میں ملاوٹ اور غیر معیاری' مضر صحت اشیاء کی تیاری و فروخت کرنیوالے انسانیت کے دشمن ہیں۔ لہٰذا ایسے افراد کے خلاف محکمانہ و قانونی کریک ڈاؤن جاری رہیگا۔

قصور کے نواح حبیب آباد میں سڑک پر گرے مریض کو بے قابو ٹرک نے بری طرح سے روند کر مار ڈالا

قصور (بیورو چیف) قصور کے نواح حبیب آباد میں سڑک پر گرے مریض کو بے قابو ٹرک نے بری طرح سے روند کر مار ڈالا، ریسکیو عملے نے نعش کو ورثاء کے حوالے کر دیا۔ قصور کے نواح حبیب آباد میں 20 سالہ مرگی کا مریض عمر سڑک کراس کرتے ہوئے دوڑ پڑنے سے سڑک پر ہی گر گیا، پیچھے سے آنیوالے بے قابو ٹرک نے اسے بے دردی سے روند ڈالا جس کے نتیجہ میں وہ موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا، ریسکیو 112 کے عملے نے نعش کو نکال کر ورثاء کے حوالے کر دیا۔ مقامی پولیس مصروف کاروائی ہے۔

تیز رفتار کار نے بے قابو ہو کر موٹر سائیکل کو ٹکر مار دی جس کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار میاں بیوی دو بچوں سمیت شدید زخمی ہو گئے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) تیز رفتار کار نے بے قابو ہو کر موٹر سائیکل کو ٹکر مار دی جس کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار میاں بیوی دو بچوں سمیت شدید زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق کوٹ رادھا کشن کے رہائشی شفقت علی اپنی بیوی شہناز اور بچوں کے ہمراہ موٹر سائیکل پر سوار ہو کر جا رہے تھے کہ اچانک راستے میں بے یونیورسٹی آف اوکاڑہ کے قریب تیز رفتار کار نے بے قابو ہو کر ٹکر مار دی جس کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار شفقت علی اس کی بیوی شہناز اور بچے 4 سالہ حسن اور 2 سالہ محمد علی شدید زخمی ہو گئے۔ ریسکیو 1122 ٹیم نے زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا ہے۔

عالم اسلام کی عظیم منفرد دینی درسگاہ جامعہ رضویہ فیصل آباد کا 78 واں دو روزہ سالانہ جلسہ دستار فضیلت ختم بخاری شریف

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) سنی اتحاد کونسل کے صوبائی سیکرٹری اطلاعات الحاج مولانا محمد اکبر نقشبندی نے کہا ہے کہ عالم اسلام کی عظیم منفرد دینی درسگاہ جامعہ رضویہ فیصل آباد کا 78 واں دو روزہ سالانہ جلسہ دستار فضیلت ختم بخاری شریف حضرت سیدنا امام اعظم ابوحنیفہ، محدث اعظم پاکستان علامہ مولانا محمد سردار احمد قادری کا سالانہ عرس مبارک آج بروز جمعرات شروع ہوگا۔ جبکی صدارت صاحبزادہ حامد رضا ایم این اے جبکہ صاحبزادہ حسن رضا، صاحبزادہ حسین رضا نگرانی کریں گے، دو روزہ تقریبات میں ملک بھر کے علماء و مشائخ خطاب کریں گے، تقریبات میں شرکت کرنے کیلئے گوجرانوالہ سے ایک قافلہ الحاج سرفراز احمد تارڑ کی زیر قیادت آج فیصل آباد روانہ ہوگا۔

ماڈل ٹاؤن مین گراؤنڈ کی چار دیواری کا آغاز کر دیا ہے۔ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ

کھیلوں کے میدان آباد کر کے اسپتال ویران کرنا ہیں۔ ثبوت سیالکوٹ



سیالکوٹ (بیورو چیف) مین ماڈل ٹاؤن گراؤنڈ کی چار دیواری کی تعمیر کے کام کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ بہت جلد گراؤنڈ کی چار دیواری کا کام مکمل ہو جائے گا کھیلوں میں دلچسپی لینے والے بچوں اور نوجوانوں کے لیے یہ ایک انفرادی منصوبہ ہے کنوینر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا ہے اوپنچی اڑان کے بھروسہ مند نوجوانوں کے لیے کھیلوں کے میدان آباد کیے جا رہے ہیں کھیلوں کے میدان آباد ہوں گے تو یقینا ہسپتال ویران ہوں گے ہمارے نوجوان بہت صلاحیتوں کے مالک ہیں ان کے ٹیلنٹ کو اجاگر کرنے کے لیے انہیں اگر سازگار ماحول مہیا کیا جائے تو یقینا وہ اپنی مہارت کے جوہر دکھا سکتے ہیں نوجوانوں کو صحت مند اور توانا بنانے کے لیے انہی دیگر سرگرمیوں سے اجتناب کر کے کھیلوں کے کی طرف راغب ہونے کی ضرورت ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ماڈل ٹاؤن گراؤنڈ کی چار دیواری کے شروع کیے جانے کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا محمد خالد وسیم نے کہا کہ ہم ممبران ماڈل ٹاؤن سوسائٹی کے بچوں اور نوجوانوں کے لیے ایسا سازگار اور ماحول پیدا کر رہے ہیں جس سے ہماری آئندہ آنے والی نسلیں باہمت غیور اور عقابی پرواز جیسی صلاحیتوں کے حامل ہو سکیں ہمارا ویژن اور عزم یہی ہے کہ ہمارے نوجوان ہماری نئی نسل جس قدر بھی ممکن ہو سکے وہ تعلیم اور جدید ٹیکنالوجی پر گرفت مضبوط کرے تاکہ ملک ترقی کی راہوں پر گامزن ہو سکے ہمارے بچے ہمارا اثاثہ ہیں اور جب بچوں کا ایک وفد ہمارے پاس تشریف لے کر آیا تو انہیں اگر سازگار ماحول مہیا کیا جائے تو یقینا وہ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں گی عمران خان کے بعد پارٹی کو جوڑے رکھنا ایک مشکل کام تھا الحمدللہ پارٹی مضبوط اور فعال رہی اس کا سارا کریڈٹ قیادت اور خصوصاً کارکنوں کو جاتا ہے ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف کے رہنما چوہدری عامر فاروق باجوہ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ عمران خان کی رہائی بہت جلد یقینی ہے مشکل وقت گزر چکا ہے ہمارے قائدین اور کارکن جیلوں میں قید ہیں سیاسی مقاصد کیلئے وسائل کے استعمال کی حوصلہ شکنی ہونی چاہیے ہمارے قائدین اور کارکنوں نے بہت قربانیاں دی ہیں ان کی قدر کرتے ہیں۔

ڈی پی او قصور کی ہدایت پر پولیس کا ضلع بھر کے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشن

قصور (بیورو چیف) ڈی پی او قصور کی ہدایت پر پولیس کا ضلع بھر کے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشن، اس آپریشن میں 09 اشتہاری مجرمان سمیت 20 دیگر خطرناک جرائم پیشہ ملزمان گرفتار، ملزمان کے قبضہ سے بھاری مقدار میں منشیات اور اسلحہ برآمد، آپریشن کا مقصد ضلع بھر کو جرائم پیشہ عناصر سے پاک کرنا اور امن و امان کی صورت حال کو برقرار رکھنا ہے۔ ڈی پی او محمد عیسیٰ خاں کی ہدایت پر پولیس کا ضلع بھر کے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشن۔ اس سرچ آپریشن کے نتیجے میں 09 مجرم اشتہاریوں سمیت 20 جرائم پیشہ ملزمان گرفتار

DAILY QUWAT
اداریہ
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

قیاس آرائیوں سے متعلق دفتر خارجہ کی وضاحت

دفتر خارجہ نے ذرائع ابلاغ میں زیر گردش قیاس آرائیوں پر ردعمل میں پاکستان اور چین کی دوستی کو نشانہ بنانے والی خبروں کو سختی سے مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان 'ون چائنا پالیسی' کے بنیادی اصول پر غیر متزلزل یقین رکھتا ہے، چین پاکستان کی خارجہ پالیسی کا مستقل اور مضبوط ستون ہے، چین پاکستان کا ہر موسم کا تزویراتی شراکت دار ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کا کہنا تھا کہ یہ تعلقات باہمی اعتماد، مشترکہ اقدار، بنیادی مسائل پر حمایت، اور علاقائی و عالمی استحکام کے عزم کی عکاسی کرتے ہیں۔ پاکستان اور چین کے باہمی تعلقات ایک طویل عرصے سے خطے کے اندر اور باہر بہت سے ممالک کے لیئے پریشانی کا باعث بنے ہوئے ہیں اور اس کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ پاک چین دوستی صرف دو ممالک کو ہی فائدہ نہیں پہنچا رہی بلکہ پورے خطے کے استحکام اور ترقی کی ضامن ہے۔ علاوہ ازیں، خطے کے باہر بھی اس دوستی کے ثمرات پہنچ رہے ہیں۔ یہ صورتحال بھارت سمیت ایسے ہر ملک کو مضطرب کر رہی ہے جو خطے پر اپنا تسلط قائم کرنا چاہتا ہے۔ چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) کی شکل میں پاکستان اور چین نے ایک سلسلے کا آغاز کیا ہے جو معاشی اعتبار سے اس خطے میں ایک نئی تاریخ رقم کرے گا۔ ہونا تو یہ چاہیے کہ انسانیت کی فلاح و ترقی کو سامنے رکھتے ہوئے تمام ممالک اس سلسلے کو مثبت نظر سے دیکھیں لیکن ہو اس کے بالکل برعکس رہا ہے، یعنی کئی ممالک اس کوشش میں لگے ہوئے ہیں کہ کسی بھی طرح اس منصوبے کو ختم کرایا جائے۔ ایسی تمام کوششیں ماضی میں بھی بے نتیجہ رہی ہیں اور مستقبل میں بھی بد خواہوں کے ہاتھ حسرت کے سوا کچھ نہیں آئے گا۔

آزادی اظہار اور پیکا ایکٹ ترمیمی بل!



آزادی اظہار رائے بنیادی انسانی حقوق میں انتہائی اہم، جاندار اور انسانی معاشرے میں افراد کے درمیان تبادلہ خیال، تنقید و اصلاح کیلئے لازم و ملزوم سمجھا جاتا ہے، آزادی اظہار رائے کو بطور بنیادی انسانی حق دنیا بھر میں انسانی حقوق کے قوانین اور بین الاقوامی معاہدوں کے ذریعے تسلیم کیا گیا ہے۔ یہ آزادی جمہوری معاشروں کے بنیادی ستونوں میں شامل ہے اور انفرادی آزادی، سیاسی استحکام اور معاشرتی ترقی کے لیے کلیدی حیثیت رکھتی ہے۔ آزادی اظہار رائے سے مراد ہے کہ ہر فرد کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ اپنے خیالات، نظریات، اور احساسات کو کسی بھی قسم کے دباؤ کے بغیر آزادانہ طور پر بیان کرے۔ یہ آزادی اظہار کے تمام ذرائع (تحریر، تقریر، صحافت، فنون، وغیرہ) پر لاگو ہوتی ہے۔ آزادی اظہار رائے کے متعلق عالمی قوانین اور معاہدے 1 اقوام متحدہ کا عالمی اعلامیہ برائے انسانی حقوق (1948) آرٹیکل 19 آزادی اظہار رائے کو آرٹیکل 19 کے تحت تسلیم کیا گیا ہے۔ ہر شخص کو رائے اور اظہار کی آزادی کا حق حاصل ہے، اس میں یہ حق بھی شامل ہے کہ وہ بلا خوف و خطر رائے قائم کرے اور معلومات و نظریات کو کسی بھی ذریعے سے تلاش کرے، وصول کرے، اور پھیلائے۔ 2 بین الاقوامی عہد نامہ برائے شہری و سیاسی حقوق (ICCPR) (1966) آرٹیکل 19 میں آزادی اظہار رائے کو تفصیل سے بیان کیا گیا ہے کہ ہر فرد کو رائے رکھنے کا حق حاصل ہے، ہر فرد کو معلومات، خیالات، اور آراء کو کسی بھی وسیلے سے پھیلانے کی آزادی حاصل ہے۔ 3 یورپی کنونشن برائے انسانی حقوق (ECHR) (1950) آرٹیکل 10 میں آزادی اظہار رائے کی ضمانت دی گئی ہے، اس پر کچھ حدود بھی عائد کی گئی ہیں، جیسے کہ قومی سلامتی، عوامی نظم، دوسروں کے حقوق یا عزت کا تحفظ۔ 4 امریکی کنونشن برائے انسانی حقوق (ACHR) آرٹیکل 13 میں آزادی اظہار رائے کی حمایت کے ساتھ یہ واضح کیا گیا ہے کہ کوئی بھی فرد معلومات کو روکنے یا محدود کرنے کے حق سے محروم نہیں کیا جائے گا۔ 5 افریقی چارٹر برائے انسانی و عوامی حقوق۔ یہ چارٹر آزادی اظہار کو انسانی حقوق کے بنیادی جز کے طور پر تسلیم کرتا ہے اور ریاستوں کو پابند کرتا ہے کہ وہ اس حق کے تحفظ کو یقینی بنائیں۔ آزادی اظہار کی حدود۔ آزادی اظہار رائے ایک وسیع اور اہم حق ضرور ہے پر یہ حق درج ذیل حدود کے اندر رہنے کا پابند بھی ہے۔ نفرت انگیز تقاریر، تحریر یا دیگر ذرائع سے پھیلایا جانے والا کسی بھی قسم کا مواد، جھوٹی معلومات کا پھیلاؤ، دہشت گردی یا تشدد کو فروغ دینا، اخلاقی حدود، مذہبی جذبات کو ٹھیس پہنچانا، فحاشی یا غیر اخلاقی مواد کی تشہیر، قومی سلامتی، ایسی معلومات جو قومی سلامتی، عوامی نظم، یا ریاستی راز کو نقصان پہنچا سکتی ہیں، ان کے متعلق آزادی اظہار رائے کو محدود کیا جاسکتا ہے یا مکمل پابندی بھی لگائی جاسکتی ہے۔ آزادی اظہار رائے ہرگز کسی دوسرے کی عزت و وقار، شہرت، یا رازداری کو نقصان پہنچانے کا جواز فراہم نہیں کرتی۔ دنیا بھر میں میڈیا آزادی اظہار رائے کا سب سے اہم اور تیز ترین ذریعہ ہے، پرنٹ میڈیا، الیکٹرانک میڈیا اور دور جدید میں تیز ترین سوشل میڈیا معلومات کے پھیلاؤ کیلئے استعمال کیا جاتا ہے، یہ سچ ہے کہ عالمی قوانین میڈیا کی آزادی کو تحفظ فراہم کرتے ہیں پر ساتھ ہی میڈیا پر سخت اخلاقی اور قانونی ذمہ داریاں بھی عائد کرتے ہیں۔ دنیا کی بہت سی حکومتیں آزادی اظہار پر پابندیاں عائد کرتی ہیں، جیسے سنسر شپ، انٹرنیٹ کی بندش، صحافتی اداروں پر معاشی پابندیاں، اشتہارات کی بندش یا صحافیوں کیخلاف مقدمات۔ الیکٹرونکس اور پرنٹ میڈیا پر کسی قسم کی پابندی عائد کرنا اور دائرہ حدود میں تبدیلی کسی بھی کرنیکی مجاز ہوگی۔ پارلیمنٹ کی کارروائی کے دوران حذف کیے گئے مواد کو سوشل میڈیا پر اپلوڈ کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ پابندی کا شکار ادارے، تنظیم یا شخصیات کے بیانات سوشل میڈیا پر بھی اپلوڈ نہیں کیے جاسکیں گے۔ ترمیم کے تحت سوشل میڈیا شکایت کمیٹی قائم کی جائے گی۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کی جانب سے ہدایات پر عملدرآمد نہ ہونے کی صورت میں اتھارٹی ٹریبونل سے رجوع کرے گی، پیکا ایکٹ ترمیمی بل 2025ء پر عملدرآمد کے لئے وفاقی حکومت سوشل میڈیا پروٹیکشن ٹریبونل قائم کرے گی۔ ٹریبونل کا چیئرمین ہائی کورٹ کا سابق جج ہوگا۔ ٹریبونل کے فیصلے کو سپریم کورٹ آف پاکستان میں 60 دنوں کے اندر چیلنج کیا جاسکے گا۔ پیکا ترمیمی بل کے تحت فیک نیوز پھیلانے والے افراد کو تین سال قید یا 20 لاکھ جرمانہ عائد کیا جاسکے گا۔ سوشل میڈیا پر غیر قانونی سرگرمیوں کی تحقیقات کے لئے وفاقی حکومت قومی سائبر کرائم تحقیقاتی ایجنسی قائم کرے گی۔ ایجنسی کا سربراہ ڈائریکٹر جنرل ہوگا، جس کی تعیناتی تین سال کے لیے ہوگی۔ اتھارٹی کے افسران اور اہلکاروں کے پاس مساوی پوسٹ کے پولیس افسران کے اختیارات ہوں گے۔ نئی تحقیقاتی ایجنسی کے قیام کے ساتھ ہی ایف آئی اے کا سائبر کرائم ونگ تحلیل کردیا جائے گا۔ منظور شدہ بل میں ایک نئی شق، سیکشن 26 (اے) کو شامل کیا گیا ہے جو آن لائن فیک نیوز پھیلانے والوں کیخلاف سزا سے متعلق ہے۔ فیک نیوز یعنی جعلی خبریں سوشل میڈیا پر شیئر کرنے پر نہ صرف پانچ سال تک کی قید اور دس لاکھ روپے جرمانہ ہوسکتا ہے بلکہ اسے ناقابل ضمانت جرم بھی قرار دیا گیا ہے۔ اس قانون کے تحت کارروائی کرنے کیلئے قانون نافذ کرنے والے اداروں کو گرفتاری کے لیے کسی وارنٹ کی بھی ضرورت نہیں ہوگی، پیکا آرڈیننس کے مخالفین کا کہنا ہے کہ حکومت نے اس ترمیم میں فیک نیوز کی تشریح نہیں کی اس لئے قانون کا غلط استعمال ہوسکتا ہے۔ حکومت کی کسی بھی اتحادی جماعت کی جانب سے پیکا ایکٹ ترمیمی بل 2025ء کی مخالفت نہیں کی گئی جبکہ اپوزیشن کی جانب سے بل پیش کیے جانے سے قبل ہی واک آؤٹ کردیا گیا تھا۔ واضح رہے کہ صحافتی تنظیموں نے پیکا ایکٹ میں ترامیم کا بل مسترد کردیا ہے۔ پیکا ترمیمی بل کیخلاف صحافتی تنظیموں نے سڑکوں پر احتجاج کیساتھ واضح اعلان کیا ہے کہ عدالت کا دروازہ بھی کھٹکھٹایا جائیگا۔ اظہار رائے کی آزادی جیسے بنیادی انسانی حق کے متعلق اس قدر سخت قانون سازی کرتے وقت صحافی برادری کو اعتماد میں نہ لینا حکومت کی جلد بازی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ جس طرح فیک نیوز اور غیر قانونی مواد کیخلاف قانون سازی وقت کی اہم ترین ضرورت ہے اسی طرح صحافی برادری کو اعتماد میں لینا اور اس قانون کے غلط استعمال کو روکنے کیلئے ضروری قدامات کرنا بھی نہایت ضروری ہے۔ ریاست کا صحافت یا صحافت کا ریاست کے ساتھ ٹکراو ہمیشہ نقصان دہ ثابت ہوا ہے۔ ایسی قانون سازی جو لوگوں کو آزادی اظہار رائے جیسے بنیادی حق سے محروم کردے کسی بھی معاشرے یا ریاست کیلئے مفید نہیں ہوسکتی۔ آزادی اظہار رائے ایسا حق ہے جو انسانی معاشرے کو ترقی اور ہم آہنگی کی راہ پر گامزن کرتا ہے۔ عالمی قوانین بھی اس حق کو تحفظ فراہم کرتے ہیں پر اس کے غلط استعمال کو روکنے کے لیے حدود کا تعین بھی ضروری ہے لہٰذا ریاست، صحافت اور عوام کو مل کر اس بات کو یقینی بنانا چاہیے کہ آزادی اظہار رائے کے حق کا غلط استعمال نہ ہونے پائے!

یادِ رفتگاں۔۔۔روحی بانو

ایک وقت تھا کہ پاکستان ڈراما انڈسٹری پر روحی بانو کا راج تھا۔ وہ خداد صلاحیتوں کی مالک تھی۔ اپنے وقت کی حسین ترین اداکارہ تھی۔ اس نے وہ عروج دیکھا کہ لوگ جس کا محض خواب ہی دیکھتے ہیں۔ وقت اس کا تھا اور وہ راجکماری کی طرح شوبز انڈسٹری پر راج کر رہی تھی۔ 1970 اور 1980 کی دہائیاں اس کی تھیں۔ پاکستان کے سب سے بڑے سول ایوارڈ پرائیڈ آف پرفارمنس سے نواز کر حکومتی سطح پر بھی اس کی صلاحیتوں کا اعتراف کیا گیا۔ بلاشبہ روحی بانو جیسے فنکار صدیوں میں پیدا ہوتے ہیں جو اپنے فن کی بدولت پرستاروں کے دلوں میں ہمیشہ زندہ رہتے ہیں۔ روحی بانو 10 اگست 1951 کو ہندوستان کے معروف طبلہ نواز اللہ رکھا کے ہاں پیدا ہوئیں۔ ان کے والد اللہ رکھا نے دوسری شادی کرلی تو روحی بانو کی والدہ سوتن کا وجود برداشت نہ کرسکیں اور خاوند سے ان کے اختلافات پیدا ہوگئے چنانچہ وہ روحی بانو کو ساتھ لے کر کراچی آگئیں۔ روحی بانو معروف بھارتی موسیقار ذاکر حسین کی سوتیلی بہن تھیں۔ روحی بانو گورنمنٹ کالج لاہور میں ایم ایس سی نفسیات کی ابھی طالبہ تھیں جب انہوں نے ٹی وی پر کام کرنا شروع کردیا۔ وہ پاکستان ٹیلی ویژن کی اولین اداکاراؤں میں سے ایک ہیں۔ بقول امجد اسلام امجد ''وہ قریباً چالیس سال ایکٹو رہیں۔ شاید ایک دو خواتین ہی ایسی ہوں گی جنہیں ان کے ہم پلہ ٹھہرایا جاسکے، میں نے اپنے پروفیشنل کیریئر کے دوران ایسی خاتون نہیں دیکھی''۔ روحی بانو کو قدرت کی طرف سے بے پناہ حسن سے نوازا گیا تھا۔ ٹیلی تلاش، آج کا انسان، پاکی، کائنات، خدا اور محبت، کرن اور کلی، ضمیر اور ٹیپو سلطان سمیت بے شمار فلموں میں شاندار پرفارمنس کے ذریعے اپنی فنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا۔ روحی بانو کو ان کی فنی خدمات کے اعتراف میں حکومت پاکستان کی جانب سے 1981 میں صدارتی تمغہ برائے حسن کارکردگی (پرائیڈ آف پرفارمنس) سے نوازا گیا۔ پی ٹی وی کی طرف سے نگار ایوارڈ کے علاوہ گریجویٹ ایوارڈ اور لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ حاصل کرنے میں بھی وہ کامیاب رہیں۔ 2005 میں روحی بانو کے 20 سالہ اکلوتے بیٹے کو بے دردی سے قتل کردیا گیا۔ یہ صدمہ جانکاہ ان پر بہت گراں گزرا۔ روحی اس صدمے کا بوجھ برداشت نہ کرسکیں اور ذہنی توازن کھو بیٹھیں۔ اپنے کرداروں کے ذریعے لاکھوں دلوں پر راج کرنے والی روحی بانو کی زندگی کے آخری سال بہت تلخ گزرے، قبضہ مافیا نے ان کے گھر، پلاٹ اور گاڑی پر قبضہ کرلیا۔ انہیں لاہور میں نفسیاتی علاج گاہ فاؤنٹین ہاؤس میں بھی وقت گزارنا پڑا۔ وہ آخری دنوں میں اپنی بہن کے پاس ترکی چلی گئی تھیں جہاں 15 جنوری 2019 کو ان کی طبیعت بگڑ گئی۔ گردوں کے عارضے سمیت بہت سی بیماریوں نے انہیں گھیر لیا تھا۔ طبیعت زیادہ بگڑنے پر انہیں وینٹی لیٹر پر لگا دیا گیا جہاں دس دن تک وہ بیماری سے لڑتی رہیں مگر علاج بیماری کا ہوتا ہے، موت کا تو کوئی علاج نہیں ہوتا۔ وہ 25 جنوری کو استنبول کے ایک ہسپتال میں انتقال کرگئیں۔ رہے نام اللہ کا۔ اک وقت تھا کہ پاکستان ڈراما انڈسٹری پر روحی بانو کا راج تھا۔ وہ خداد صلاحیتوں کی مالک تھی۔ اپنے وقت کی حسین ترین اداکارہ تھی۔ اس نے وہ عروج دیکھا کہ لوگ جس کا محض خواب ہی دیکھتے ہیں۔ وقت اس کا تھا اور وہ راجکماری کی طرح شوبز انڈسٹری پر راج کر رہی تھی۔ 1970 اور 1980 کی دہائیاں اس کی تھیں۔ پاکستان کے سب سے بڑے سول ایوارڈ پرائیڈ آف پرفارمنس سے نواز کر حکومتی سطح پر بھی اس کی صلاحیتوں کا اعتراف کیا گیا۔ بلاشبہ روحی بانو جیسے فنکار صدیوں میں پیدا ہوتے ہیں جو اپنے فن کی بدولت پرستاروں کے دلوں میں ہمیشہ زندہ رہتے ہیں۔ روحی بانو 10 اگست 1951 کو ہندوستان کے معروف طبلہ نواز اللہ رکھا کے ہاں پیدا ہوئیں۔ ان کے والد اللہ رکھا نے دوسری شادی کرلی تو روحی بانو کی والدہ سوتن کا وجود برداشت نہ کرسکیں اور خاوند سے ان کے اختلافات پیدا ہوگئے چنانچہ وہ روحی بانو کو ساتھ لے کر کراچی آگئیں۔ روحی بانو معروف بھارتی موسیقار ذاکر حسین کی سوتیلی بہن تھیں۔ روحی بانو گورنمنٹ کالج لاہور میں ایم ایس سی نفسیات کی ابھی طالبہ تھیں جب انہوں نے ٹی وی پر کام کرنا شروع کردیا۔ وہ پاکستان ٹیلی ویژن کی اولین اداکاراؤں میں سے ایک ہیں۔ بقول امجد اسلام امجد ''وہ قریباً چالیس سال ایکٹو رہیں۔ شاید ایک دو خواتین ہی ایسی ہوں گی جنہیں ان کے ہم پلہ ٹھہرایا جاسکے، میں نے اپنے پروفیشنل کیریئر کے دوران ایسی خاتون نہیں دیکھی''۔ روحی بانو کو قدرت کی طرف سے بے پناہ حسن سے نوازا گیا تھا۔ ٹیلی تلاش، آج کا انسان، پاکی، کائنات، خدا اور محبت، کرن اور کلی، ضمیر اور ٹیپو سلطان سمیت بے شمار فلموں میں شاندار پرفارمنس کے ذریعے اپنی فنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا۔ روحی بانو کو ان کی فنی خدمات کے اعتراف میں حکومت پاکستان کی جانب سے 1981 میں صدارتی تمغہ برائے حسن کارکردگی (پرائیڈ آف پرفارمنس) سے نوازا گیا۔ پی ٹی وی کی طرف سے نگار ایوارڈ کے علاوہ گریجویٹ ایوارڈ اور لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ حاصل کرنے میں بھی وہ کامیاب رہیں۔ 2005 میں روحی بانو کے 20 سالہ اکلوتے بیٹے کو بے دردی سے قتل کردیا گیا۔ یہ صدمہ جانکاہ ان پر بہت گراں گزرا۔ روحی اس صدمے کا بوجھ برداشت نہ کرسکیں اور ذہنی توازن کھو بیٹھیں۔ اپنے کرداروں کے ذریعے لاکھوں دلوں پر راج کرنے والی روحی بانو کی زندگی کے آخری سال بہت تلخ گزرے، قبضہ مافیا نے ان کے گھر، پلاٹ اور گاڑی پر قبضہ کرلیا۔ انہیں لاہور میں نفسیاتی علاج گاہ فاؤنٹین ہاؤس میں بھی وقت گزارنا پڑا۔ وہ آخری دنوں میں اپنی بہن کے پاس ترکی چلی گئی تھیں جہاں 15 جنوری 2019 کو ان کی طبیعت بگڑ گئی۔ گردوں کے عارضے سمیت بہت سی بیماریوں نے انہیں گھیر لیا تھا۔ طبیعت زیادہ بگڑنے پر انہیں وینٹی لیٹر پر لگا دیا گیا جہاں دس دن تک وہ بیماری سے لڑتی رہیں مگر علاج بیماری کا ہوتا ہے، موت کا تو کوئی علاج نہیں ہوتا۔ وہ 25 جنوری کو استنبول کے ایک ہسپتال میں انتقال کرگئیں۔ رہے نام اللہ کا۔



ایک وڈیو بیان جاری کرکے اپنے بیان پر وضاحت پیش کی۔ عتیق میر کا کہنا تھا کہ مریم نواز کو سندھ دینے کی بات میں نے مذاق میں کہی تھی۔ میں نے کسی بلدیاتی کارکردگی کے حوالے سے یہ بات نہیں کہی تھی، کیونکہ مریم نواز کون سا وہاں کارکردگی کے جھنڈے گاڑھ رہی ہیں۔ تاجر رہنما کا مزید کہنا تھا کہ مریم نواز کا معاملہ بھی اپنے والد اور چچا جیسا ہی ہے کہ ''ساڈے کام نہ دیکھو، ساڈیاں آنیاں جانیاں دیکھو'' (ہمارے کام نہ دیکھو، بس ہمارا آنا جانا دیکھو)۔ یہ معاملہ سیاسی اور غیر سیاسی بیانیوں کی حدود کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے۔ سیاستدانوں کا سیاسی گفتگو کرنا ان کا حق ہے، لیکن تاجروں کو اپنی نمائندگی کرتے وقت سیاست سے گریز کرنا چاہیے۔ پروفیشنل تنظیموں کے پلیٹ فارمز کا سیاسی معاملات میں الجھنا نہ صرف غیر موزوں ہے بلکہ ان کے مینڈیٹ سے تجاوز بھی ہے۔ یہ مسئلہ صرف تاجروں تک محدود نہیں۔ چند روز قبل ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن اوکاڑہ کے لیٹر ہیڈ پر ایک سیاسی جماعت کے رہنما کے خلاف عدالتی فیصلے پر مذمتی بیان جاری ہوا۔ اس اقدام پر بھی وکلاء کی جانب سے اعتراضات سامنے آئے کہ بار ایسوسی ایشن غیر سیاسی ادارہ ہے اور اسے سیاسی موقف اختیار کرنے سے گریز کرنا چاہیے۔ ان مثالوں سے واضح ہوتا ہے کہ پاکستان میں حدود اور دائرہ کار کا خیال نہ رکھنا عام ہوگیا ہے، جو بالآخر ان اداروں کی ساکھ کو نقصان پہنچاتا ہے۔ پاکستان میں حدود سے تجاوز کرنا عام بات ہے۔ جہاں حقوق ہیں، وہاں حدود بھی ہیں، لیکن جب اس کا خیال نہیں رکھا جاتا، تو سب سے پہلے نقصان اسی شعبے کا ہوتا ہے جس سے تعلق رکھنے والی نمائندہ شخصیات ایسا کرتی ہیں۔ چند روز قبل راقم الحروف نے مسلم لیگ (ن) کے ضلعی صدر وایم پی اے میاں محمد منیر کا انٹرویو کیا۔ اس دوران انہوں نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ کھیل اور سیاست کو الگ الگ رکھنا ضروری ہے۔ سیاست کی طرح کرکٹ بھی میاں منیر کا مضبوط حوالہ ہے، کیونکہ وہ کرکٹ بورڈ سے مختلف حیثیتوں میں منسلک رہے۔ میاں منیر نے درست کہا کہ کھیل اور سیاست کا میدان الگ الگ ہے۔ دیگر شعبہ جات سے وابستہ افراد اور تنظیمیں بھی اپنے دائرہ کار میں رہتے ہوئے ذمہ داری کا مظاہرہ کریں اور سیاسی معاملات کو سیاست دانوں پر چھوڑیں۔ حدود اور حقوق کا خیال رکھنا نہ صرف ہر فرد کا فرض ہے، بلکہ یہ معاشرتی ہم آہنگی اور ترقی کے لیے بھی ناگزیر ہے۔ سیاست دان، تاجر اور دیگر طبقات ایک دوسرے کے ساتھ مل کر مسائل کے حل کے لیے کام کریں تو یہی اصل اجتماعی کامیابی ہوگی۔ بلاول بھٹو کا تاجر برادری سے مطالبہ کہ کوئی شکایت یا شکوہ ہو تو مجھ سے کریں، چغلی نہ کریں، بالکل درست ہے۔ بلاول بھٹو زرداری کا تاجر برادری سے خطاب ان کے سیاسی وژن اور عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ سیاستدانوں، تاجروں اور دیگر طبقات کا ایک دوسرے کے ساتھ مل کر کام کرنا ہی قومی مسائل کے حل کا راستہ ہے۔ سیاست صرف وعدے نہیں بلکہ عملی اقدامات اور دیرپا کامیابیوں کا تقاضا کرتی ہے۔ یہی وہ لمبی اننگز ہے جو ملک کی تعمیر و ترقی کے لیے ضروری ہے۔ نوجوان قیادت کا لمبی اننگز کھیلنے کا ارادہ ملک کی سیاست میں استحکام اور تسلسل کے لیے خوش آئند ہے۔ سیاست اجتماعی جدوجہد کا نام ہے، جہاں ذاتی مفادات کو پس پشت ڈال کر قوم کی بھلائی کے لیے کام کیا جاتا ہے۔ ہمیں امید ہے کہ بلاول بھٹو جیسے نوجوان رہنما اپنے عزم کو عملی جامہ پہنا کر ملک کو درپیش مسائل کا حل نکالنے میں اپنا کردار ادا کریں گے۔ سیاسی قیادت کو بھی چاہیے کہ وہ مستقبل کے لیے عملی اقدامات اور مضبوط پالیسیوں کے ذریعے عوام کو بہتر نتائج فراہم کرے۔ سیاست کا مقصد صرف نعرے نہیں، بلکہ دیرپا کامیابیاں اور عوام کی فلاح ہونا چاہیے۔ یہی حقیقی لمبی اننگز کا راز ہے۔

لمبی اننگز کی ضرورت



کراچی میں تاجروں سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ ''ہم دودھ کے دھلے نہیں، مگر اتنے برے بھی نہیں ہیں۔ میں نے شارٹ ٹرم نہیں بلکہ لمبی اننگز کھیلنی ہے۔ اگر وزیر اعلیٰ سندھ سے کوئی شکایت ہے تو میرے پاس آئیں، کہیں اور جا کر چغلی کرنے کی ضرورت نہیں۔ سندھ حکومت کو اپنا مخالف نہیں بلکہ ساتھی سمجھیں۔'' بلاول بھٹو کا کہنا تھا'' کیا میں نے کبھی آپ کو تنگ کیا؟ میں کیوں چاہوں گا کہ میرے نام پر یا حکومت کے نام پر کوئی آپ کو تنگ کرے مسائل کے حل کی ذمہ داری ہماری ہے اور ہم اسے قبول کرتے ہیں۔'' وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کراچی میں تاجروں سے ملاقات کی تھی، جس دوران تاجر رہنما عتیق میر نے کہا تھا کہ '' کچھ عرصے کے لیے مریم نواز ہمیں دے دیں اور مراد علی شاہ آپ رکھ لیں۔'' ان کے اس بیان پر سندھ حکومت کے ترجمان سعدیہ جاوید نے ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ کسی خوشامدی سے رٹا ہوا بیان کہلوانے سے زمینی حقائق نہیں بدلتے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مراد علی شاہ منتخب وزیر اعلیٰ ہیں اور متعلقہ تاجر نے عوام کے مینڈیٹ کی توہین کی ہے۔ پیپلز پارٹی کے دیگر ترجمانوں نے بھی اس بیان کو غیر ضروری قرار دیا، سندھ حکومت کے ایک اور ترجمان سکھ دیو آسرداس ہمنانی نے کہا کہ ایک تاجر کا خوشامدی بیان پوری تاجر برادری کی سوچ کا عکاس نہیں۔ وزیر اعلیٰ سندھ کی کارکردگی پیپلز پارٹی کے منشور کا حصہ ہے، اور کسی ایک تاجر کے کچھ کہنے سے حقائق تبدیل نہیں ہو سکتے۔ پیپلز پارٹی کی جانب سے شدید ردعمل سامنے آنے پر تاجر رہنما عتیق میر نے سوشل میڈیا پر ایک وڈیو بیان جاری کرکے اپنے بیان پر وضاحت پیش کی۔ عتیق میر کا کہنا تھا کہ مریم نواز کو سندھ دینے کی بات میں نے مذاق میں کہی تھی۔ میں نے کسی بلدیاتی کارکردگی کے حوالے سے یہ بات نہیں کہی تھی، کیونکہ مریم نواز کون سا وہاں کارکردگی کے جھنڈے گاڑھ رہی ہیں۔ تاجر رہنما کا مزید کہنا تھا کہ مریم نواز کا معاملہ بھی اپنے والد اور چچا جیسا ہی ہے کہ ''ساڈے کام نہ دیکھو، ساڈیاں آنیاں جانیاں دیکھو'' (ہمارے کام نہ دیکھو، بس ہمارا آنا جانا دیکھو)۔ یہ معاملہ سیاسی اور غیر سیاسی بیانیوں کی حدود کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے۔ سیاستدانوں کا سیاسی گفتگو کرنا ان کا حق ہے، لیکن تاجروں کو اپنی نمائندگی کرتے وقت سیاست سے گریز کرنا چاہیے۔ پروفیشنل تنظیموں کے پلیٹ فارمز کا سیاسی معاملات میں الجھنا نہ صرف غیر موزوں ہے بلکہ ان کے مینڈیٹ سے تجاوز بھی ہے۔ یہ مسئلہ صرف تاجروں تک محدود نہیں۔ چند روز قبل ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن اوکاڑہ کے لیٹر ہیڈ پر ایک سیاسی جماعت کے رہنما کے خلاف عدالتی فیصلے پر مذمتی بیان جاری ہوا۔ اس اقدام پر بھی وکلاء کی جانب سے اعتراضات سامنے آئے کہ بار ایسوسی ایشن غیر سیاسی ادارہ ہے اور اسے سیاسی موقف اختیار کرنے سے گریز کرنا چاہیے۔ ان مثالوں سے واضح ہوتا ہے کہ پاکستان میں حدود اور دائرہ کار کا خیال نہ رکھنا عام ہوگیا ہے، جو بالآخر ان اداروں کی ساکھ کو نقصان پہنچاتا ہے۔ پاکستان میں حدود سے تجاوز کرنا عام بات ہے۔ جہاں حقوق ہیں، وہاں حدود بھی ہیں، لیکن جب اس کا خیال نہیں رکھا جاتا، تو سب سے پہلے نقصان اسی شعبے کا ہوتا ہے جس سے تعلق رکھنے والی نمائندہ شخصیات ایسا کرتی ہیں۔ چند روز قبل راقم الحروف نے مسلم لیگ (ن) کے ضلعی صدر وایم پی اے میاں محمد منیر کا انٹرویو کیا۔ اس دوران انہوں نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ کھیل اور سیاست کو الگ الگ رکھنا ضروری ہے۔ سیاست کی طرح کرکٹ بھی میاں منیر کا مضبوط حوالہ ہے، کیونکہ وہ کرکٹ بورڈ سے مختلف حیثیتوں میں منسلک رہے۔ میاں منیر نے درست کہا کہ کھیل اور سیاست کا میدان الگ الگ ہے۔ دیگر شعبہ جات سے وابستہ افراد اور تنظیمیں بھی اپنے دائرہ کار میں رہتے ہوئے ذمہ داری کا مظاہرہ کریں اور سیاسی معاملات کو سیاست دانوں پر چھوڑیں۔ حدود اور حقوق کا خیال رکھنا نہ صرف ہر فرد کا فرض ہے، بلکہ یہ معاشرتی ہم آہنگی اور ترقی کے لیے بھی ناگزیر ہے۔ سیاست دان، تاجر اور دیگر طبقات ایک دوسرے کے ساتھ مل کر مسائل کے حل کے لیے کام کریں تو یہی اصل اجتماعی کامیابی ہوگی۔ بلاول بھٹو کا تاجر برادری سے مطالبہ کہ کوئی شکایت یا شکوہ ہو تو مجھ سے کریں، چغلی نہ کریں، بالکل درست ہے۔ بلاول بھٹو زرداری کا تاجر برادری سے خطاب ان کے سیاسی وژن اور عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ سیاستدانوں، تاجروں اور دیگر طبقات کا ایک دوسرے کے ساتھ مل کر کام کرنا ہی قومی مسائل کے حل کا راستہ ہے۔ سیاست صرف وعدے نہیں بلکہ عملی اقدامات اور دیرپا کامیابیوں کا تقاضا کرتی ہے۔ یہی وہ لمبی اننگز ہے جو ملک کی تعمیر و ترقی کے لیے ضروری ہے۔ نوجوان قیادت کا لمبی اننگز کھیلنے کا ارادہ ملک کی سیاست میں استحکام اور تسلسل کے لیے خوش آئند ہے۔ سیاست اجتماعی جدوجہد کا نام ہے، جہاں ذاتی مفادات کو پس پشت ڈال کر قوم کی بھلائی کے لیے کام کیا جاتا ہے۔ ہمیں امید ہے کہ بلاول بھٹو جیسے نوجوان رہنما اپنے عزم کو عملی جامہ پہنا کر ملک کو درپیش مسائل کا حل نکالنے میں اپنا کردار ادا کریں گے۔ سیاسی قیادت کو بھی چاہیے کہ وہ مستقبل کے لیے عملی اقدامات اور مضبوط پالیسیوں کے ذریعے عوام کو بہتر نتائج فراہم کرے۔ سیاست کا مقصد صرف نعرے نہیں، بلکہ دیرپا کامیابیاں اور عوام کی فلاح ہونا چاہیے۔ یہی حقیقی لمبی اننگز کا راز ہے۔

شہباز کی اڑان

سال نو کا پہلا کالم لکھنے کی جسارت کر رہا ہوں برق یلغار نے حق و باطل کی تمیز ختم کردی یہ سوشل میڈیا پر جھوٹ اس انداز سے بولا جاتا ہے کہ سچ کا گماں ہونے لگتا ہے پھر ملکی پرنٹ میڈیا پر اس قدر بے جا قدغن اصل حقائق منصۂ شہود پر آنے سے قاصر ہیں پھر صرف انٹرنیشنل میڈیا پر اکتفا کرنا پڑتا ہے یہ حقیقت ہے انٹرنیشنل میڈیا پچاس فیصد سچ لکھا دیتا ہے انٹرنیشنل میڈیا کا غیر جانب ہونا کوئی مستحکم دلیل نہیں انٹرنیشنل اداروں کی مرتب کردہ رپورٹس میں مسلم لیگ ن کی حکومت اچھی کارکردگی دیکھانے میں کسی حد تک کامیاب ہوئی ہے ملک میں بہتری کے آثار آنا کسی معجزے سے کم نہیں جس ملک میں غربت میں خوفناک اضافہ ہو رہا ہو جس ملک میں مہنگائی کا جن بے قابو ہو جس ملک میں آبادی میں خوفناک اضافہ وسائل کا قتل عام کر رہا ہو جس ملک کے سی





قوت

SHOWBIZ

پرنس تھیٹر میں ایک اور شاہکار کھیل کبوتر جا 31 جنوری کو پیش کیا جائیگا

خاص طور پر اس کا ایروٹک تاثر اور کرداروں کے بیچ کی کیمسٹری لوگوں کو بہت متاثر کرے گی، ڈاکٹر اجمل ملک



لاہور (شوبز رپورٹر) مصنف و ڈائریکٹر ڈاکٹر اجمل ملک نے پرنس تھیٹر میں ایک اور شاہکار کھیل کبوتر جا پیش کرنے کی منصوبہ بندی مکمل کرلی۔ اس ڈرامہ کو 31 جنوری سے عوام کیلئے پرنس تھیٹر میں سٹیج کیا جارہا ہے جس کے پروڈیوسر سید محمد یوسف ہیں۔ دلچسپ بات یہ بھی ہے کہ سٹیج کی 2 نامور اداکاراؤں زارا خان اور مناہل خان نے ڈاکٹر اجمل ملک کے ڈراموں کی مقبولیت کو دیکھتے ہوئے پرنس تھیٹر میں مستقل ڈیرے ڈال لیے ہیں۔ ڈاکٹر اجمل ملک کا کہنا ہے کہ اس ڈرامے کا جو رومانوی عنصر ہے، وہ واقعی دل کو چھو جانے والا لگتا ہے۔ خاص طور پر اس کا ایروٹک تاثر اور کرداروں کے بیچ کی کیمسٹری لوگوں کو بہت متاثر کرے گی۔ پرنس تھیٹر جیسے معروف مقام پر اس کا انعقاد، مزید لوگوں کی توجہ اپنی طرف کھینچے گا۔ اس طرح کے ڈرامے عام طور پر شائقین کے دلوں میں گہرے اثرات چھوڑتے ہیں اور اس کی کہانی بھی دیر تک یاد رکھی جائے گی۔ جبکہ سٹیج کے منجھے ہوئے کامیڈین وسیم بٹوں کی بھی پرنس تھیٹر میں واپسی ہوگئی ہے۔ ڈاکٹر اجمل ملک کا کہنا ہے کہ کبوتر جا ایک بہترین رومانٹک کہانی ہے جسے لوگ مدتوں فراموش نہیں کرسکیں گے۔ کھیل کو تفریح سے بھرپور بنانے کیلئے کامیڈی جبکہ اس کی دلکشی بڑھانے کیلئے منفرد رقص ایٹم شامل کیے گیے ہیں۔

سٹیج کی 2 نامور اداکاراؤں زارا خان اور مناہل خان نے ڈاکٹر اجمل ملک کے ڈراموں کی مقبولیت کو دیکھتے ہوئے پرنس تھیٹر میں مستقل ڈیرے ڈال لیے ہیں، گفتگو





ادا کارہ نیلم منیر شادی کے بعد دوبارہ انڈسٹری میں کام کرنے کا اعلان



لاہور (شوبز رپوٹر) متحدہ عرب امارات میں حال ہی میں ازدواجی بندھن میں بندھنے والی اداکارہ نیلم منیر شادی کے بعد دوبارہ انڈسٹری میں کام کرنے کیلیے تیار ہیں۔ نیلم منیر نے انسٹاگرام پر اپنی نئی تصویر شیئر کر کے سب سے پہلے تو شادی پر مبارک باد اور دعائیں دینے والوں کا شکریہ ادا کیا اور بتایا کہ وہ پہلے کی طرح کام کرنے کیلیے تیار ہیں۔ واضح رہے کہ شادی کی وجہ سے نیلم منیر نے انڈسٹری سے عارضی کنارہ کشی اختیار کرلی تھی تاہم اس تصویر میں وہ ایک بار پھر واپسی کی تیاری کرتی نظر آرہی ہیں۔ انہوں نے لکھا کہ میں شاندار وقت گزار کر اب واپس آگئیں ہوں اور اب کام کرنے کیلیے ایک نئی سوچ کے ساتھ پرجوش ہوں۔ انہوں نے اعتراف کیا کہ اداکاری کی وجہ سے انہیں اتنی زیادہ محبت ملی ہے اور وہ دوبارہ کام کر کے اس کو مزید بڑھانا چاہتی ہیں۔ نیلم منیر نے اپنے مداحوں، رشتے داروں، عزیزوں کے ساتھ انڈسٹری کے دوستوں اور سوشل میڈیا انفلوئنسز کا بھی سپورٹ کرنے پر شکریہ ادا کیا۔ واضح رہے کہ نیلم منیر کی حال ہی میں پاکستان سے تعلق رکھنے والے بوے ای میں مقیم محمد راشد سے دبئی میں محبت کی شادی ہوئی ہے۔ نیلم منیر کے شوہر دبئی پولیس کے کرائم انویسٹی گیشن ڈیپارٹمنٹ میں بطور افسر کام کرتے ہیں۔

محبت کا دیوانہ، اداکارہ رباب ہاشم کا ایک مداح تحائف لے کر گھر پہنچ گیا



کراچی (شوبز رپوٹر) معروف پاکستانی اداکارہ رباب ہاشم نے ایک حالیہ ٹی وی شو میں اپنے ایک مداح کے غیر معمولی رویے کے بارے میں دلچسپ اور حیران کن واقعہ سنایا۔ رباب ہاشم نے بتایا کہ انہیں انسٹاگرام پر ایک اکاؤنٹ سے روزانہ تقریبا 200 میسجز موصول ہورہے تھے۔ ابتدا میں انہوں نے اس بات کو زیادہ اہمیت نہیں دی لیکن پھر ایک دن ایسا ہوا جس نے انہیں حیران کردیا۔ اداکارہ نے کہا، ایک دن میری شوٹنگ سے چھٹی تھی اور میں گھر پر تھی۔ اچانک گھر کی بیل بجی، دروازہ کھولا ایک خاتون اور مرد موجود تھے جو اندرون سندھ سے آئے تھے۔ ان کے ہاتھ میں ایک باسکٹ تھی جس میں تحائف تھے۔ انہوں نے اصرار کیا کہ ہم بہت دور سے آئے ہیں آپ کو یہ تحائف قبول کرنے ہوں گے۔ رباب نے بتایا کہ جب میں نے تحائف لے لیے، تب بھی وہ لوگ گھر کے باہر کھڑے رہے اور جب وہ جانہیں رہے تھے تو میں نے ان سے کہا کہ یہ تحائف واپس لے جائیں اور انہیں سمجھایا کہ گھر پر آنا مناسب نہیں ہے تو بھی میسجز آنا بند نہیں ہوئے۔ یہ ایک بہت عجیب اور غیر معمولی تجربہ تھا۔ رباب ہاشم کے اس واقعے نے نہ صرف مداحوں کی حد سے بڑھتی ہوئی دیوانگی کی عکاسی کی بلکہ یہ بھی ظاہر کیا کہ مشہور شخصیات کو اکثر اپنی نجی زندگی میں ایسے چیلنجز کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

اردو کے ممتاز شاعر مظفر وارثی کو دنیا سے رخصت ہوئے 14 برس بیت گئے

حمد ہو یا نعت، غزل یا گیت ہر صنف سخن میں مظفر وارثی نے اپنے فن کا لوہا منوایا



لاہور (شوبز رپوٹر) دنیائے سخن کا ایک معتبر نام، اردو کے ممتاز شاعر مظفر وارثی کو دنیا سے رخصت ہوئے 14 برس بیت گئے۔ حمد ہو یا نعت، غزل یا گیت ہر صنف سخن میں انہوں نے اپنے فن کا لوہا منوایا، خوبصورت، روح پرور اور یادگار نعتیہ و حمدیہ کلام کے خالق مظفر وارثی 23 دسمبر 1933 کو میرٹھ میں پیدا ہوئے، ان کا اصل نام محمد مظفر الدین صدیقی تھا۔ مظفر وارثی نے قیام پاکستان کے بعد لاہور میں سکونت اختیار کی اور جلد ہی ان کا شمار ممتاز شعرا میں ہونے لگا، لازوال حمد اور نعتوں کی تخلیق نے آپ کو خوب شہرت بخش، ان کے نعتیہ کلاموں میں یارحمت اللعالمین، لانبی بعد، ورفعنا لک ذکرک، تو کجا من کجا اور حمد میں کوئی تو ہے جو نظام ہستی چلا رہا ہے شامل ہیں۔ ماضی میں پاکستان فلم انڈسٹری بھی مظفر وارثی کے بغیر ادھوری تھی، ان کے لکھے فلمی گیتوں نے عوام میں زبردست مقبولیت حاصل کی، کیا کہوں اے دنیا دالو کیا کہوں میں، مجھے چھوڑ کر اکیلا کہیں دور جانے والے، یاد کرتا ہے زمانہ انہی انسانوں کو ان کے مقبول گیتوں میں شامل ہیں۔

مہا کمبھ میلے سے مشہور ہونے والی مونا لیزا کو بالی ووڈ سے بڑی آفر مل گئی

ممبئی (شوبز ڈیسک)) بھارت میں 26 جنوری تک جاری رہنے والا مہا کمبھ اپنی منفرد داستانوں اور شخصیات کی وجہ سے توجہ کا مرکز بنا ہوا ہے۔ ان میں سے ایک 16 سالہ مونالیزا بھونسلے ہے، جس کو وائرل مونالیزا کا خطاب دیا گیا ہے۔ میلے میں ہاتھ سے بنے ہار بیچنے والی اس لڑکی کو اس کی گہری رنگت اور خوبصورت آنکھوں کے ساتھ معصومیت بھری مسکان نے سوشل میڈیا پر مشہور کردیا۔ مونالیزا کی تصاویر اور ویڈیوز وائرل ہونے کے بعد ان کے پاس خریداری کیلئے لوگوں کو ہجوم کرنا شروع کردیا۔ اس کے نتیجے میں ان کے ساتھ ہراسانی کے واقعات بھی پیش آئے، جس پر ان کے والد نے ان کی حفاظت کے لیے فوری اقدامات کیے اور انہیں واپس گھر بھیج دیا۔ رپورٹس کے مطابق ایک معروف فلم ڈائریکٹر نے مونالیزا کو اپنی آنے والی فلم دی ڈائری آف منی پور میں ایک کردار کی پیشکش کی ہے۔ تاہم، مونالیزا نے تاحال اس پیشکش پر کوئی جواب نہیں دیا۔ ایک انٹرویو میں مونالیزا نے اپنی شہرت کو قسمت قرار دیتے ہوئے خوشی کا اظہار کیا اور فلم میں کام کرنے کے امکان پر مثبت ردعمل دیا۔



پیرس، فرانس۔ جنوری 27: امینہ موحدی نے پیرس، فرانس میں 27 جنوری 2025 کو پیرس فیشن ویک کے حصے کے طور پر شیاپریلی ہوٹ کوچرا سپرنگ۔ سمر 2025 شو میں شرکت کی

سری دیوی کی شخصیت نہ صرف سلور اسکرین بلکہ اس سے بھی آگے اپنے اندر ایک کشش رکھتی تھی

ممبئی (شوبز ڈیسک) بالی ووڈ کی آنجہانی اداکارہ سری دیوی کی شخصیت نہ صرف سلور اسکرین بلکہ اس سے بھی آگے اپنے اندر ایک کشش رکھتی تھی، اس کا عملی مظاہرہ ایک بار عدالت میں دیکھنے میں آیا۔ واضح رہے کہ سری دیوی کا فروری 2018 میں دبئی میں انتقال ہوگیا تھا۔ متعدد بھارتی فلمی شخصیات کی عدالتوں میں ہائی پروفائل کیسز میں نمائندگی کرنے والے معروف سینئر وکیل مجید میمن نے ایک انٹرویو میں اس حوالے سے ایک ناقابل فراموش واقعہ سنایا۔ انھوں نے بتایا کہ ایک مجسٹریٹ نے آنجہانی اداکارہ سری دیوی کو ان کے کیریئر کے عروج کے دور میں ایک کیس میں صرف ادا کا سرہ کو دیکھنے کیلئے اصرار کیا کہ انھیں عدالت میں طلب کیا جائے۔ سینئر وکیل کا کہنا تھا کہ میں بڑی کوشش کی مجسٹریٹ صاحب سری دیوی کو حاضری سے استثنیٰ دیدیں، لیکن ایسا نہ ہوسکا۔ بلآخر جب سری دیوی عدالت میں پیش ہوئیں تو وہاں ایک بے قابو ہجوم غیفر جمع ہوگیا جنھیں کنٹرول کرنا مشکل ہورہا تھا۔

کبریٰ خان اور گوہر رشید کا نکاح کس ملک میں ہوگا؟



(ویب ڈیسک) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ کبریٰ خان اور اداکار گوہر رشید جلد ہی شادی کے بندھن میں بندھ جائیں گے۔ پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ کبریٰ خان اور گوہر رشید کئی سالوں سے دوست ہیں اور انہوں نے کئی پروجیکٹس پر ایک ساتھ کام بھی کیا ہے، گزشتہ دنوں دونوں نے باضابطہ طور پر منفرد انداز میں اعلان کیا ہے کہ وہ فروری میں شادی کے بندھن میں بندھ جائیں گے تاہم اب جوڑے کی شادی کے حوالے سے نیا دعویٰ سامنے آیا ہے۔ اداکارہ کبریٰ خان اور اداکار گوہر رشید کی شادی کی چہ مگوئیوں کے حوالے سے دعویٰ سامنے آیا ہے کہ دونوں سعودی عرب میں نکاح کریں گے، سوشل میڈیا میگزین پیج کی جانب سے کبریٰ خان کی پرانی برائیڈل شوٹ کی ویڈیو شیئر کرتے ہوئے دعویٰ کیا گیا کہ دونوں آئندہ ماہ فروری میں سعودی عرب میں نکاح کریں گے۔ رپورٹ میں مزید بتایا گیا کہ نکاح کی تقریب میں دونوں کے اہل خانہ اور انتہائی قریبی دوست شرکت کریں گے تاہم یہ واضح نہیں کیا گیا۔

فیصل قریشی کی سابقہ اہلیہ سے شادی؟ خلیل الرحمان قمر کا بڑا انکشاف

ڈرامہ نگار نے فیصل قریشی کی سابقہ اہلیہ سے شادی کا اقرار کرتے ہوئے بتایا کہ طلاق کی وجہ وہ نہیں ہیں



لاہور (کچرل ڈیسک) معروف ڈرامہ نگار خلیل الرحمان قمر نے حال ہی میں ایک پوڈکاسٹ میں ایسا انکشاف کیا ہے جس نے شوبز حلقوں میں ہلچل مچادی ہے۔ وہ معروف صحافی ارشاد بھٹی کے پوڈکاسٹ شو میں شریک تھے۔ پوڈکاسٹ کے دوران ارشاد بھٹی نے خلیل الرحمان قمر سے ان کے مقبول ڈرامے میرے پاس تم ہو کے حوالے سے ایک دلچسپ سوال پوچھا۔ انہوں نے کہا کہ ڈرامے میں ایک عورت اپنے شوہر کو چھوڑ کر دوسرے مرد کے پاس چلی جاتی ہے، لیکن آپ کے ایک ڈرامے کے اداکار (فیصل قریشی) کی اہلیہ نے بھی انہیں چھوڑ کر آپ سے شادی کرلی، کیا آپ کا ڈرامہ آپ کی اپنی زندگی کی کہانی سے متاثر تھا؟ اس سوال کے جواب میں خلیل الرحمان قمر نے ایک بڑا راز کھول دیا۔ انہوں نے کہا کہ ڈرامہ میرے پاس تم ہو ان کی زندگی سے بالکل متاثر نہیں تھا، لیکن جب یہ ڈرامہ نشر ہورہا تھا تو لوگوں نے ایسی باتیں ضرور کیں۔ انہوں نے فیصل قریشی کو اپنا قریبی دوست قرار دیتے ہوئے کہا کہ انہوں نے ہی فیصل کو شوبز میں متعارف کرایا تھا۔ خلیل الرحمان قمر نے فیصل قریشی کی اداکاری کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ وہ ایک شاندار اداکار ہیں اور انہوں نے آڈیشن میں انہیں حیران کردیا تھا۔ تاہم، اس کے بعد خلیل الرحمان قمر نے وہ بات کہی جس کا سب کو انتظار تھا۔ انہوں نے اعتراف کیا کہ انہوں نے فیصل قریشی کی سابقہ اہلیہ سے شادی کی ہے، لیکن انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ فیصل کی طلاق کی وجہ وہ نہیں تھے۔ خلیل کا کہنا تھا کہ فیصل قریشی اور ان کی پہلی بیوی کے درمیان طلاق ہونی ہی تھی اور انہوں نے خود فیصل اور ان کی والدہ کو اس معاملے پر سمجھانے کی بہت کوشش کی تھی۔ خلیل الرحمان قمر نے یہ بھی کہا کہ اس وقت ان کی فیصل کی سابقہ اہلیہ سے صرف دو بار ملاقات ہوئی تھی اور وہ انہیں بیٹا کہہ کر بلاتے تھے۔



شراب نوشی یا پبلسٹی اسٹنٹ؟ میراجی معمر رانا کے دفاع میں بول پڑیں

معمر پاکستان کے سلمان خان ہیں مگر وہ غلط ہاتھوں میں ہیں جس پر مجھے شدید تشویش ہے، میرا

لاہور (کچرل ڈیسک) پاکستان شوبز کی سینئر اداکارہ میرا کا کہنا ہے کہ ساتھی اداکار معمر رانا کی حالیہ ویڈیو سامنے آنے کے بعد وہ ان کیلئے فکرمند ہیں۔ حال ہی میں اداکارہ میرا نے معمر رانا کی متنازع ویڈیو سامنے آنے کے بعد ان کے حق میں بیان دیتے ہوئے انہیں پاکستان کا قیمتی اثاثہ قرار دیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ معمر رانا کی حفاظت اور دیکھ بھال ہم سب کی ذمہ داری ہے۔ میرا نے کہا کہ معمر رانا پاکستان کے سلمان خان ہیں لیکن وہ شاید غلط ہاتھوں میں ہیں، جس پر انہیں تشویش ہے اور وہ انکے لئے بہت فکرمند ہیں۔ میرا نے امید ظاہر کی کہ معمر رانا کے بے شمار مداح ان کے ساتھ کھڑے ہوں گے اور ان کی فلم باپ دیکھنے ضرور جائیں گے، جو اس وقت سینما گھروں میں نمائش کے لیے پیش کی جارہی ہے۔ واضح رہے کہ حال ہی میں معمر رانا کی ایک ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی تھی جس میں انہیں چلتے میں دشواری کا سامنا کرتے اور اپنا توازن کھوتے ہوئے دیکھا گیا تھا جبکہ چند لوگ انہیں پکڑ کر سہارا دیتے ہوئے سنیما سے باہر لارہے تھے۔ اس ویڈیو کے وائرل ہونے کے بعد سوشل میڈیا صارفین نے اداکار پر شراب نوشی کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ شراب پینے کے باعث وہ نہ چل پارہے ہیں اور نہ بات کر پارہے ہیں۔ تاہم، معمر رانا کی جانب سے اس ویڈیو کے حوالے سے تاحال کوئی وضاحت نہیں دی گئی۔

قوت

SPORTS

انگلش پریمیئر لیگ، مانچسٹر یونائیٹڈ نے فلہم کو شکست دیدی

لندن (این این آئی) مانچسٹر یونائیٹڈ نے انگلش پریمیئر لیگ کے ایک میچ میں فلہم کو سخت مقابلے کے بعد 1-0 گول سے ہرا دیا۔ یہ مانچسٹر یونائیٹڈ کی ای پی ایل میں آٹھویں فتح ہے۔ لیزانڈرو مارٹینز نے واحد گول کرکے مانچسٹر یونائیٹڈ کی فتح میں کلیدی کردار ادا کیا۔ پریمیئر لیگ کے دلچسپ مقابلے انگلینڈ میں جاری ہیں۔ کریون کاٹیج، لندن میں کھیلے گئے لیگ کے اہم میچ میں مانچسٹر یونائیٹڈ کی ٹیم نے انتہائی سخت مقابلے کے بعد فلہم کی ٹیم کو 1-0 گول سے ہرا دیا۔ لیزانڈرو مارٹینز نے ایک گول کرکے اپنی ٹیم مانچسٹر یونائیٹڈ کی فتح میں اہم کردار ادا کیا۔ فلہم کی ٹیم میچ میں کوئی گول سکور نہ کرسکی۔ واضح رہے کہ انگلش پریمیئر لیگ میں لیورپول کی ٹیم پوائنٹس ٹیبل پر سب سے زیادہ 53 پوائنٹس کے ساتھ پہلے نمبر پر برقرار ہے۔

بمرا آئی سی سی ٹیسٹ کرکٹر آف دی ائر قرار

دبئی (آئی این پی) بھارت کے جسپریت بمرا آئی سی سی ٹیسٹ کرکٹر آف دا ایئر قرار دیئے گئے۔ جسپریت بمرا نے 2024 میں سب سے زیادہ 71 ٹیسٹ وکٹیں حاصل کیں، علاوہ ازیں آئی سی سی نے مینز ٹی 20 ٹیم آف دی ایئر کا بھی اعلان کردیا۔ بابر اعظم مینز ٹی 20 ٹیم آف دی ایئر میں شامل ہیں، بھارتی کپتان روہت شرما سمیت بھارت کے 4 کھلاڑی بھی ٹیم کا حصہ ہیں۔ ٹریوس ہیڈ، فل سالٹ، نکولس پوران، سکندر رضا، ہاردک پانڈیا، راشد خان، ہسارانگا، جسپریت بمرا اور ارشدیپ سنگھ نے بھی ٹیم میں جگہ بنائی۔ دوسری طرف کمر کی تکلیف میں مبتلا فاسٹ باؤلر جسپریت بمراہ کی چیمپئنز ٹرافی میں شرکت پر غیر یقینی کے بادل منڈلانے لگے۔



شنا خان نے دوسرے بیٹے کا نام کیا رکھا؟ تصویر سوشل میڈیا پر شیئر کردی



ممبئی (شوبز ڈیسک) بالی ووڈ انڈسٹری کی سابقہ اداکارہ شنا خان نے اپنے دوسرے بیٹے کی تصویر سوشل میڈیا پر شیئر کر دی۔ شنا خان نے 6 جنوری 2025 کو اپنے دوسرے بیٹے کی پیدائش کی خوشخبری سنائی تھی۔ ان کے پہلے بیٹے کا نام پاکستان کے معروف مبلغ مولانا طارق جمیل کے نام پر سید طارق جمیل رکھا گیا تھا۔ اپنے دوسرے بیٹے کی تصویر اور ایک اینیمیٹڈ ویڈیو انسٹاگرام پر شیئر کرتے ہوئے شنا خان نے اپنے دوسرے بیٹے کا نام بھی مداحوں کو بتایا ہے۔ انہوں نے اس کا نام سید حسن جمیل رکھا ہے۔ انسٹاگرام پوسٹ میں شنا نے لکھا: اے اللہ، تمام تعریفیں تیرے لیے ہیں۔ ہمیں توفیق دے کہ ہم اس نعمت کی بہترین پرورش کریں، اس کے ساتھ مہربانی اور انصاف کریں، اور اسے اپنے نیک بندوں میں شامل کر۔ شنا خان کے بیٹے کی تصاویر اور پوسٹ سوشل میڈیا پر بیحد مقبول ہورہی ہیں، اور مداح ان کیلئے دعائیں اور نیک تمنا کا اظہار کررہے ہیں۔ یاد رہے کہ شنا خان نے اسلام کے خاطر شوبز کو خیرباد کہہ کر اپنی نئی زندگی کا ساتھ مفتی انس کے ساتھ ازدواجی زندگی میں بندھ کر کیا تھا جن سے ان کے اب دو بیٹے ہیں۔

شامی فٹ ہیں لیکن وہ کھیلیں گے یا نہیں، نہیں بتا سکتا، بھارتی بیٹنگ کوچ



ممبئی (اسپورٹس ڈیسک) بھارت کے نئے بیٹنگ کوچ بتا شنو کوٹک کا کہنا ہے کہ فاسٹ بولر محمد شامی کو فٹنس مسائل کا سامنے نہیں، ان کو انگلینڈ کے خلاف ٹی 20 سیریز کے باقی میچز کھلانے کا فیصلہ کپتان اور ہیڈ کوچ کریں گے۔ محمد شامی) جنہوں نے نومبر 2023 میں ورلڈ کپ فائنل کے بعد سے کوئی میچ نہیں کھیلا (کو انگلینڈ کے خلاف پانچ ٹی 20 میچز کی سیریز، تین ون ڈے انٹرنیشنلز اور چیمپئنز ٹرافی کے لیے سلیکٹ کیا گیا ہے۔ فاسٹ بولر ابتدائی دو میچز میں پلیئنگ الیون کا حصہ نہیں بنایا گیا جس سے ان کے ان فٹ ہونے کے متعلق قیاس آرائیاں کی گئیں لیکن بتا شنو کے مطابق ویٹرن پیسر کو گیند کرانے میں کسی مسئلے کا سامنا نہیں۔ تیسرے ٹی 20 میچ میں شامی کی شمولیت کے حوالے سے سوال کا جواب دیتے ہوئے بھارتی بیٹنگ کوچ کا کہنا تھا کہ شامی فٹ ہیں لیکن وہ کھیلیں گے یا نہیں، اس کا جواب میں نہیں دے سکتا۔

افغانستان ویمن کرکٹ ٹیم تین سال بعد ایکشن میں نظر آئے گی

طالبان کے اقتدار کے بعد افغان ویمن ٹیم پہلی بار ایک گروپ کے طور پر اکٹھی ہوئی ہے

میلبرن (اسپورٹس ڈیسک) افغانستان کی ویمن کرکٹ ٹیم جمعرات کو میلبورن کے جنکشن اوول میں تین سال بعد دوبارہ ایکشن میں نظر آئے گی۔ افغان ویمن ٹیم نمائشی ٹی 20 میچ میں کرکٹ وڈ آٹ بارڈرز الیون کے مدمقابل آئے گی، یہ میچ ایم سی جی میں آسٹریلیا اور انگلینڈ کی ویمنز ٹیموں کے ڈے اینڈ نائٹ ویمنز ایشز ٹیسٹ کے افتتاحی دن سے قبل کھیلا جائے گا۔ یہ پہلا موقع ہے جب افغان ویمن ٹیم طالبان کے اقتدار کے بعد ملک چھوڑنے کے بعد ایک گروپ کے طور پر اکٹھی ہوئی ہے۔ ٹیم کے نصف ارکان کینبرا میں مقیم ہیں جبکہ باقی کھلاڑی میلبورن میں پناہ گزین کے طور پر آباد ہیں۔ یہ نمائشی میچ نہ صرف خواتین کی کرکٹ کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے بلکہ افغان خواتین کے حقوق اور مساوی مواقع کے لیے جدوجہد کو بھی نمایاں کرتا ہے۔ میلبورن میں افغانستان الیون کے میچ سے قبل ناہیدہ سپن اور فیروزہ امیری نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ یہ واقعی ہمارے لیے اہم ہے، خاص طور پر افغان خواتین کے لیے کیونکہ یہ تمام افغان خواتین کے لیے ایک بہت ہی تاریخی لمحہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں اس میچ سے بڑی امیدیں ہیں کیونکہ یہ میچ افغان خواتین کے لیے تعلیم، کھیل اور مستقبل کے لیے دروازے کھول سکتا ہے۔ ہم نہیں چاہتے کہ یہ ہمارا پہلا اور آخری میچ ہو۔



ویسٹ انڈیز نے ٹیسٹ میں پاکستان کو 35 سال بعد ہوم گراؤنڈ پر ہرا دیا

قومی ٹیم 254 رنز ہدف کے تعاقب میں 133 رنز بنا کر ڈھیر ہوگئی، بابر اعظم 31 رنز بنا کر نمایاں رہے

ملتان (اسپورٹس ڈیسک) ویسٹ انڈیز نے پاکستان کو دوسرے ٹیسٹ میں شکست دیتے ہوئے 35 سال بعد اسکی سرزمین پر فتح حاصل کرلی۔ قومی ٹیم 254 رنز ہدف کے تعاقب میں 133 رنز بنا کر ڈھیر ہوگئی، بابر اعظم 31 رنز بنا کر نمایاں رہے۔ دونوں ٹیموں کے درمیان دو میچز کی سیریز ایک ایک سے برابر ہوگئی۔ ویسٹ انڈیز کے اسپنر جومیل وارکین کو پلیئر آف دی میچ اور پلیئر آف دی سیریز کے ایوارڈ سے نوازا گیا۔ انہوں نے سیریز میں 85 رنز دے کر 19 وکٹیں اپنے نام کیں۔ ٹیسٹ کے تیسرے روز کھیل شروع ہوا تو سعود شکیل پہلے اوور کی تیسری گیند پر 13 رنز بنا کر پویلین لوٹ گئے۔ اگلے اوور میں نائٹ واچ مین کاشف علی بولڈ ہوگئے۔ محمد رضوان اور سلمان علی آغا کے درمیان ساتویں وکٹ کی شراکت میں 39 رنز جوڑے گئے تاہم 115 کے مجموعی اسکور پر سلمان علی آغا وکٹ گنوا بیٹھے۔ وکٹ کیپر محمد رضوان بھی پچ پر زیادہ دیر جم کر نہ کھیل سکے اور 25 رنز بنا کر بولڈ ہوگئے۔ اسکے بعد نعمان علی 6 اور ساجد خان 7 رنز بنا کر پویلین لوٹ گئے۔ دوسرے روز کا کھیل ختم ہونے پر سعود شکیل 13 اور کاشف علی ایک رن کے ساتھ کریز پر تھے، پاکستان کو میچ جیتنے کیلئے 178 رنز اور ویسٹ انڈیز کو 6 وکٹیں درکار ہیں۔ پاکستان کی طرف سے دوسری اننگز کا آغاز بھی مایوس کن رہا، شان مسعود اور محمد ہریرہ 2، 2 رنز بنا کر آوٹ ہوگئے، بابر اعظم نے 31 رنز بنائے جبکہ کامران غلام 19 رنز بنا سکے۔ ملتان میں کھیلے جارہے سیریز کے دوسرے ٹیسٹ کی دوسری اننگز میں ویسٹ انڈیز کی ٹیم 244 رنز بنا کر آل آوٹ ہوگئی تھی، کپتان کریگ براتھ نے 52 رنز کی اننگز کھیلی۔



چیمپئنز ٹرافی کے ٹکٹوں کی فروخت کل سے شروع ہوگی، قیمتیں سامنے آگئیں

کراچی، لاہور اور راولپنڈی میں ہونے والے 10 میچوں کے ٹکٹ آن لائن اور نجی کوریئر کمپنی کی برانچز پر دستیاب ہونگے

کراچی (اسپورٹس ڈیسک) آئی سی سی نے چیمپئنز ٹرافی 2025 کے ٹکٹوں کی فروخت سے متعلق اپ ڈیٹ جاری کردی۔ آئی سی سی کے مطابق پاکستان میں ہونے والے میچز کے ٹکٹوں کی فروخت منگل 28 جنوری سے شروع ہوگی۔ شائقین کراچی، لاہور اور راولپنڈی میں ہونے والے دوسرے سیمی فائنل سمیت 10 میچوں کے ٹکٹ آن لائن اور نجی کوریئر کمپنی کے 100 سے زائد آوٹ لیٹس سے خرید سکیں گے۔ جنرل اسٹینڈ ٹکٹ کی قیمتیں 1,000 پاکستانی روپے سے شروع ہوں گی جبکہ پریمیم سٹنگ مختلف کیٹیگریز میں 1,500 پاکستانی روپے سے دستیاب ہوگی۔ آئی سی سی کے چیف کمرشل آفیسر انوراگ دہیا نے چیمپئنز ٹرافی 2025 کے لیے ٹکٹوں کی فروخت کا باضابطہ اعلان کرتے ہوئے کہا کہ یہ پاکستان میں کرکٹ کے لیے ایک اہم لمحہ ہے جو 1996 کے بعد کسی عالمی کرکٹ ٹورنامنٹ کی میزبانی کر رہا ہے۔ ٹورنامنٹ کے ڈائریکٹر سمیر احمد سید کا کہنا تھا کہ ٹکٹوں کی قیمتیں کم رکھنے کا مقصد اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ زندگی کے تمام شعبوں سے وابستہ شائقین اس تاریخی ایونٹ کا حصہ بن سکیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے ٹکٹوں کو نہ صرف سستا رکھا بلکہ آن لائن پلیٹ فارم اور پاکستان بھر میں 100 سے زائد آوٹ لیٹس کے ذریعے سب کیلئے قابل رسائی بھی بنادیا ہے۔

آسٹریلین اوپن، جینک سینر اعزاز کے دفاع میں سرخرو

اطالوی ٹینس اسٹار نے اس بار فائنل میں جرمن حریف الیگزینڈر زویریف کو قابو کرلیا

کراچی (اسپورٹس ڈیسک) جینک سینر نے آسٹریلین اوپن میں اعزاز کا دفاع کرلیا، اطالوی ٹینس اسٹار نے اس بار فائنل میں جرمن حریف الیگزینڈر زویریف کو قابو کرلیا۔ زویریف تیسری بار گرینڈ سلم فائنل میں ناکام ہوگئے اور وہ اس بدقسمتی کا شکار ہونے والے دنیا کے ساتویں پلیئر بنے۔ تفصیلات کے مطابق سیزن کے ابتدائی گرینڈ سلم آسٹریلین اوپن میں میزبان چیمپئن جینک سینر نے جیت لی، سینر نے گزشتہ 5 میں سے 3 گرینڈ سلم ٹرافیز قبضے میں کیں اور یہ تمام فتوحات انھیں ہارڈ کورٹس پر ملی ہیں۔ ٹاپ سیڈ اطالوی پلیئر نے فیصلہ کن معرکے میں ابتدائی سیٹ 6-3 سے اپنے نام کیا جبکہ دوسرے سیٹ کا فیصلہ ٹائی بریکر پر (7/4) 7-6 سے ان کے حق میں ہی رہا، تیسرے اور فیصلہ کن سیٹ میں 6-3 سے ملنے والی کامیابی نے انھیں ایک بار میلبورن پارک ایونٹ کی ٹرافی کا حقدار بنوادیا، یہ ان کے کیریئر کی تیسری گرینڈ سلم ٹرافی رہی۔ ایونٹ کے بعد میڈیا سے بات چیت میں سینر نے کہا کہ یہ ایونٹ میرے لیے حیران کن رہا، مجھے امید ہے کہ میں اس جیت کا سلسلہ سیزن کے دیگر ایونٹس میں بھی قائم رکھ پاؤں گا۔

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید نے ہائی سٹریٹ پر سٹریٹ لائٹس اور ٹف ٹائل لگانے اور لینڈ سکیپنگ کرنے کے جاری کام کو جلد مکمل کرنے کی ہدایت کر دی



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید نے ہائی سٹریٹ پر سٹریٹ لائٹس اور ٹف ٹائل لگانے اور لینڈ سکیپنگ کرنے کے جاری کام کو جلد مکمل کرنے کی ہدایت کر دی۔ ہائی سٹریٹ کو شہر کی سب سے زیادہ خوبصورت سڑک بنایا جائے، کمشنر ساہیوال۔ وہ یہاں اپنے دفتر میں پسپ پروگرام اور میونسپل کارپوریشن کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے تھے جس میں ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی، سی ای او ساہیوال ویسٹ مینجمنٹ کمپنی افتخار احمد، ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ شاہد فاروق وڑائچ، چیف آفیسر کارپوریشن شیخ اشفاق احمد، اے سی جنرل رائے فیصل عمران، سٹی مینیجر پسپ محمد اسجد خان سمیت متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ انہوں نے تجاوزات کے خلاف جاری کام کو پوری طاقت سے جاری رکھنے کی ہدایت کی اور کہا کہ شہر میں رہائش یا کاروبار کے لئے خطرناک عمارتوں کے مالکان کو انہیں خالی کرنے کے نوٹس بھی دیے جائیں تاکہ انسانی جان ومال کا تحفظ ہو سکے۔ اجلاس میں چیف آفیسر شیخ اشفاق احمد نے بتایا کہ ساہیوال شہر میں 670 ریڑھیاں رجسٹرڈ کی گئی ہیں جنہیں کاروبار کے لئے متبادل جگہ فراہم کی جائے گی اور تجاوزات کے خلاف مہم کے اختتام پر شہر کے تمام بازاروں میں ریڑھیوں کا داخلہ بھی ممنوع قرار دیا جائے گا۔

مسلم لیگ ن کی سیاست کا مرکز ومحور انسانیت کی خدمت ہے

سیالکوٹ کے ایکسپورٹر پاکستان کا پرچم ہاتھ میں تھامے دنیا بھر میں پاکستان کی سفیر کی حیثیت سے جاتے ہیں



سیالکوٹ (بیورو خواجہ عامر جاوید) مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما ورکن صوبائی اسمبلی محمد منشاء اللہ بٹ نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے صرف 11 ماہ کے دوران ہر شعبہ زندگی سے وابستہ افراد کی فلاح و بہبود کیلئے عملی اقدامات کر کے یہ ثابت کر دیا ہے کہ مسلم لیگ ن کی سیاست کا مرکز ومحور انسانیت کی خدمت ہے، سیالکوٹ کے ایکسپورٹر پاکستان کا پرچم ہاتھ میں تھامے دنیا بھر میں پاکستان کی سفیر کی حیثیت سے جاتے ہیں اور ملک کی معیشت کو مضبوط بنانے کیلئے اربوں ڈالر کا قیمتی زرمبادلہ کما کر دیتے ہیں اور یہ سب ہماری محنت کشوں اور ہنر مندوں کی بدولت ممکن ہوا ہے کیونکہ سیالکوٹ کے ورکرز کے ہاتھوں سے تیار کی جانے والی مصنوعات کی دنیا بھر میں مانگ ہے اور ان کی ہنر مندی کا لوہا پوری دنیا مانتی ہے۔ یہ بات انہوں نے آج ایوان صنعت وتجارت سیالکوٹ میں پنجاب ورکرز ویلفیئر فنڈ کی جانب سے 176 ورکرز میں میرج گرانٹس اور ڈیتھ گرانٹس کے چیکس تقسیم کرتے ہوئے کہی۔ ڈپٹی ڈائریکٹر لیبر ویلفیئر طیب ورک، اسد باجوہ، شہباز صائم، عدنان محمود اکبر بھی موجود تھے محمد منشاء اللہ بٹ نے کہا کہ ورکرز میں ان کے واجبات کی تقسیم قابل تحسین ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ورکرز کیلئے گرانٹس کے اجراء کو سہل بنا دیا ہے اور اب ورکرز کو دفاتر کے چکر نہیں کاٹنے پڑیں گے وہ گھر بیٹھ کر انٹرنیٹ کے ذریعے آن لائن اپلائی کرے گا۔

ختم نبوت چوک میں ٹریفک سگنل بجلی کی بندش کے دوران بند رہنے سے حادثات بڑھ رہے ہیں: شوکت علی آزاد

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) صدر ہیومن رائٹس اینڈ ویلفیئر کونسل رجسٹرڈ شوکت علی آزاد ایڈووکیٹ جنرل سیکریٹری ڈاکٹر خالد یاسین فنانس سیکریٹری راجہ ریاض احمد خان نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ختم نبوت چوک میں ٹریفک سگنل بجلی کی بندش کے دوران بند رہنے سے حادثات بڑھ رہے ہیں اور ٹریفک پولیس عملہ بجلی کی بندش کے ساتھ ہی اشاروں سے غائب ہو جاتے ہیں اور ٹریفک کا نظام بھی درہم برہم ہو جاتا ہے اسی ہی روڈ آگے جاتے ہوئے ریلوے کراسنگ کی طرف مڑتی ہوئی سڑک ون وے نہ ہونے کی وجہ سے سرگودھا روڈ پر بے تحاشا ہوٹلوں کی کار پارکنگ کی سڑک عموماً حادثات کا سبب بنتی ہے فٹ پاتھ یا گرین سرگودھا روڈ پر واقع ہے جس کا جی چاہتا ہے وہ ہائی وے اور میونسپل کمیٹی سے ساز باز ہو کر اپنے اپنے کاروبار کو سیدھا کرنے کے لئے راستہ بنا لیتا ہے دریائے چناب پر لائٹنگ کے نظام کو فعال نہ کرنا ٹھیکے دار کی بددیانتی ہے جو وہ ہائی وے کے افسران سے مل کر کر رہا ہے جس کی وجہ سے حادثات اور جرائم میں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے جھنگ روڈ چھمبہ چوک ون وے نہ ہونے کی وجہ سے بے ہنگم ٹریفک کی وجہ سے اکثر اوقات بند رہتا ہے ٹریفک پولیس تو اس علاقے سے واقف ہی نہیں ہے اس کا دائرہ کار تو صرف سیشن کورٹ سے کلمہ چوک تک ہے یا پھر یہ عملہ ٹریفک شہر کے بائی پاسوں پر خدمات وصول کرتا ہوا نظر آئے گا اگر یہی حال رہا تو ٹریفک کا نظام درہم برہم ہی رہے گا

چنیوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری، ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان کے زیر اہتمام سیمینار کا انعقاد کیا گیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) چنیوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری، ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان کے زیر اہتمام سیمینار کا انعقاد کیا گیا جس میں ڈی جی ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان خالد رسول، ریجنل ڈائریکٹر پنجاب سمال انڈسٹریز کارپوریشن حسنین خالد سنپال، ڈیزائنر اظہر مجید، صدر چیمبر آف کامرس فہد نعیم فخری، صدر فرنیچر ایسوسی ایشن ملک شہباز اختر، سابق صدر چیمبر دانش نعیم فخری سمیت فرنیچر انڈسٹری سے وابستہ شخصیات نے شرکت کی اس موقع پر کوالٹی ایکسپورٹ کے لیے لکڑی کی جانچ پڑتال، ایکسپورٹ کے طریقہ کار بارے پریزنٹیشن دی گئیں۔ ڈی جی ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان خالد رسول نے کہا کہ پروگرام کو مقصد ایکسپورٹ کے لیے فرنیچر سے وابستہ افراد کو تیار کرنا ہے، ایکسپورٹ کے لیے کوالٹی کا بہتر ہونا سب سے زیادہ ضروری ہے، لکڑی منڈی کے قیام، وڈ سیزننگ یونٹس کا فعال ہونا ضروری ہے۔

محکمہ سپیشل ایجوکیشن کی معذور بچوں کو زیور تعلیم سے آراستہ کرنے کیلئے گھر گھر آگاہی مہم بھرپور طریقے سے جاری

قصور (بیورو چیف) محکمہ سپیشل ایجوکیشن کی معذور بچوں کو زیور تعلیم سے آراستہ کرنے کیلئے گھر گھر آگاہی مہم بھرپور طریقے سے جاری، سروے مہم کا مقصد معذور بچوں کی بحالی ہے، خصوصی بچے تعلیم حاصل کر کے معاشرے کا اہم شہری بن سکتے ہیں، ہیڈ ماسٹر مشتاق اقبال چوہان۔ پنجاب حکومت کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں محکمہ سپیشل ایجوکیشن کی معذور بچوں کو زیور تعلیم سے آراستہ کرنے کیلئے گھر گھر آگاہی مہم بھرپور طریقے سے جاری۔ تفصیلات کے مطابق پنجاب حکومت کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ سپیشل ایجوکیشن سینٹر قصور مشتاق اقبال چوہان کی زیر نگرانی اساتذہ اور دیگر سٹاف خصوصی بچوں کو زیور تعلیم سے آراستہ کرنے کیلئے گھر گھر آگاہی مہم بھرپور طریقے سے چلا رہا ہے جس کے تحت سکول نہ جانے والے خصوصی بچوں کے کوائف اکٹھے کر کے تعلیم دلوانے کے حوالے سے آگاہی دی جا رہی ہے۔ ہیڈ ماسٹر مشتاق اقبال چوہان کے مطابق سروے مہم کا مقصد معذور بچوں کی بحالی ہے تاکہ خصوصی بچے تعلیم حاصل کر کے معاشرے کا اہم شہری بن سکیں۔ پنجاب حکومت کی طرف سے معذور افراد بچوں کو تعلیم، ٹرانسپورٹ، یونیفارم، فزیوتھراپی، سپیچ تھراپی، ماہانہ 800 روپے وظیفہ، ماہر نفسیات خدمات، میڈیکل چیک اپ سمیت دیگر تمام سہولیات مفت فراہم کی جاتی ہیں۔

تحصیل اینٹی ٹی بی ایسوسی ایشن رجسٹرڈ ڈسکہ کا ماہانہ 731 واں اجلاس اور شب معراج النبیؐ کی بابرکت رات کے حوالے سے اجلاس



ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) تحصیل اینٹی ٹی بی ایسوسی ایشن رجسٹرڈ ڈسکہ کا ماہانہ 731 واں اجلاس اور شب معراج النبیؐ کی بابرکت رات کے حوالے سے منعقدہ اجلاس زیر صدارت خان عباس خان ٹی بی کیئر سنٹر میں منعقد ہوا آغاز کلام پاک اور نعت رسول مقبول ﷺ سے ہوا قاری محمد احسن رضا نے واقعہ شب معراج بیان کیا اور آپ ﷺ کی عظمت اور رتبہ بیان کیا حافظ عبدالغفار نے معراج النبیؐ کو اشعار میں بیان کیا مولانا محمد ایوب خان نے واقعہ معراج بیان کیا اور بتایا کے پیارے آقا معراج پر گئے اور نماز کا تحفہ لے کر آئے جنرل سیکرٹری چوہدری قطب الدین نے گزشتہ ماہانہ اجلاس ماہ دسمبر کی کاروائی پیش کی فنانس سیکرٹری محمد ارشد جاوید العزیز نے آمدن واخراجات ماہ دسمبر 2024 کی رپورٹ پیش کی بجلی کے بڑھتے ہوئے بلوں کو کنٹرول کرنے کے لئے ہسپتال میں سولر سسٹم لگوانے بارے کمیٹی کے ممبر حاجی صفوان فرید نے اپنی رپورٹ پیش کیا اور بتایا کہ کچھ کمپنیوں سے کوٹیشن لی ہے بعد از مشاورت ممبران نے رائے دی کہ مزید کمپنیوں سے کوٹیشن لی جائے

حفاظ کرام کے اعزاز میں جامعہ فریدیہ قمر السلام کے زیر اہتمام عظیم الشان تقریب کا انعقاد،



سمندری (تحصیل رپورٹر) حفاظ کرام کے اعزاز میں جامعہ فریدیہ قمر السلام کے زیر اہتمام عظیم الشان تقریب کا انعقاد، تقریب میں مرکزی رویت ہلال کمیٹی کے سابق چیئرمین مفتی منیب الرحمن نے خصوصی شرکت کی تقریب میں جامعہ کے طلباء، سادات کرام، مفتیان کرام، علماء کرام صحافی برادری سمیت مختلف شعبہ زندگی سے جڑے افراد کی بڑی تعداد نے شرکت کی مفتی منیب الرحمن نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بچوں کو انجینئر، ڈاکٹرز، بنانے کے ساتھ ساتھ حافظ قرآن بھی بنائیں حافظ قرآن آخرت میں والدین کی بخشش کا ذریعہ بنتے ہیں گھروں میں دینی ماحول پیدا کریں تاکہ بچے دین اور اسلام کی جانب راغب ہوں انہوں نے کہا کہ ہمیں قرآن سنت پر عمل کرتے ہوئے زندگی کو گزارنا چاہیے تقریب میں 10 طالبات سمیت 27 طلباء کی دستار بندی واسناد تقسیم کی گئیں، تہتم جامعہ فریدیہ قمر السلام مفتی غلام فرید سیالوی نے شرکاء کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ ہم اللہ پاک کا شکر ادا کرتے ہیں کہ اہلیان سمندری کے تعاون سے آج کا یہ پروگرام کامیاب ہوا آخر میں ملک وقوم کی سلامتی ترقی وخوشحالی کے لیے دعا بھی کی گئی۔

چراغ تلے اندھیرا میونسپل کمیٹی دفتر کے اردگرد تجاوزات کی بھرمار

جہلم (بیورو رپورٹ) چراغ تلے اندھیرا میونسپل کمیٹی دفتر کے اردگرد تجاوزات کی بھرمار ایم سی کے افسران اور شعبہ انکروچمنٹ کی آنکھوں سے تجاوزات اوجھل شہریوں نے ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی چیف آفیسر میونسپل کمیٹی سے نوٹس لینے کا مطالبہ کر دیا تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن اور ڈپٹی کمشنر کے حکم پر شہر سمیت ضلع بھر میں تجاوزات کے بھرپور خلاف آپریشن جاری ہے جبکہ میونسپل کمیٹی کے دفتر کے اردگرد سڑکوں پر تجاوزات قائم کرنے والوں نے ایم سی کے زمہ داران کی سرپرستی میں تجاوزات قائم کر کے قانوں سے کھلواڑ شروع کر رکھا ہے جو کہ ایم سی انتظامیہ کی کارکردگی پر گہرا سوالیہ نشان ہے شہریوں نے وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف چیف سیکرٹری پنجاب سیکرٹری بلدیات سمیت معتلقہ زمہ داران سے نوٹس لینے میونسپل کمیٹی کے اردگرد قائم تجاوزات مافیا کی سرپرستی کرنے والے معتلقہ زمہ داران کے خلاف سخت محکمانہ کارروائیاں کرنے اور تجاوزات کے خاتمے کا مطالبہ کیا ہے،

زندگی بچانے والی ادویات کی قیمتیں ساتویں آسمان کو چھونے لگیں

جہلم (بیورو رپورٹ) زندگی بچانے والی ادویات کی قیمتیں ساتویں آسمان کو چھونے لگیں۔ میڈیکل سٹورز، فارمیسز سے ادویات خرید نے والے قیمتیں سن کر حواس باختہ ہونے لگے، سیریس مریضوں کی زندگیاں خطرے میں کوئی پرسان حال نہیں عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ، ادویہ ساز کمپنیوں کو اختیار دینے سے قیمتوں پر سرکاری کنٹرول کا نظام ہی ختم کر دیا گیا، 80 ہزار سے زائد ادویات 200 فیصد سے زائد مہنگی کر دی گئیں ہیں، میڈیکل ڈیوائسز پر بھی 70 فیصد تک ٹیکس عائد کر دیا گیا، کمپنیوں نے ٹیکسوں کا سارا بوجھ غریب مزدوروں پر لاد دیا۔ ڈی ریگولیشن سے انسولین، ٹی بی، کینسر اور دل کے امراض کی دواؤں کی قلت تو ختم ہو گئی

پیکا ایکٹ آزاد صحافت کا گلہ گھوٹنے کیلئے منظور کیا گیا، چوہدری عادل پرویز سلطان

سپریم کورٹ آف پاکستان سے غیر آئینی پیکا ایکٹ قانون کو کالعدم قرار دے، سابق MPA



سمندری (تحصیل رپورٹر) پیکا ایکٹ آزاد صحافت کا گلہ گھوٹنے کیلئے منظور کیا گیا ترقی یافتہ مہذب ممالک سمیت امریکی جمہوریہ میں صحافیوں سمیت سوشل میڈیا/نیو میڈیا کا خیر مقدم اور انہیں صدارتی پریس کانفرنسوں میں داخلے کی اجازت دی جا رہی ہے جبکہ پاکستان میں نا پسندیدہ صحافیوں کے خاتمے کیلئے غیر آئینی پیکا ایکٹ منظور کیا گیا ہے جسے پاکستان تحریک انصاف مسترد کرتی ہے اور صحافیوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے سپریم کورٹ آف پاکستان سے غیر آئینی پیکا ایکٹ قانون کو کالعدم قرار دینے کا مطالبہ کرتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار پی ٹی آئی ضلع ایسٹ اسلام آباد کے صدر سابق MPA ٹکٹ ہولڈر پی پی 105 چوہدری عادل پرویز سلطان گجر نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ فارم 47 پر حکومت کرنیوالے موجودہ حکمران اب سچ بتانے والے محب وطن صحافیوں سے بھی خوف زدہ ہیں پیکا ایکٹ منظوری کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان تحریک انصاف برسر اقتدار آ کر ایسے کالے قوانین کا قلع قمع کرے گی۔

وزیر اعلی پنجاب مریم نواز انکروچمنٹ آپریشن خود واچ کر رہی ہیں۔ خواجہ ٹیپو سلطان

ضلع سیالکوٹ کو ناجائز تجاوزات سے پاک کرنے کیلئے انتظامیہ متحرک ہے۔ پولیٹیکل سیکرٹری



سیالکوٹ (بیورو خواجہ عامر جاوید) پنجاب بھر کے تمام اضلاع میں ناجائز تجاوزات وتعمیرات کیخلاف جاری اینٹی انکروچمنٹ آپریشن شد و مد سے جاری ہے جو ابن کے بعد رول ایریاز میں بھی ہوگا۔ ایڈمنسٹریٹر سیالکوٹ محمد اقبال سنگھیڑہ اے ڈی سی آر کی زیر قیادت تمام تحصیلوں کے میونسپل کارپوریشن آفیسران و ماتحت عملہ چیف آفیسر ضلع کونسل سیالکوٹ فدا افتخار میر کی زیر سربراہی مستعدی کیساتھ آپریشن کر رہے ہیں۔ ان باتوں کا اظہار وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف کے پولیٹیکل سیکرٹری خواجہ ٹیپو سلطان نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ کوئی بھی شخص قانون سے بالاتر نہیں حکومت اینٹی انکروچمنٹ آپریشن بارے زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہے اور وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف بذات خود اس منظم آپریشن کو لیڈ کر رہی ہیں۔

موجودہ حکومت کو پوری قوم کی حمائیت حاصل ہے، ملک شاہد جاوید

عوام نے مسلم لیگ کی قیادت کو پانچ سال کے لئے ملک کی بھاگ ڈور سونپی



سمندری (تحصیل رپورٹر) موجودہ حکومت کو پوری قوم کی حمائیت حاصل ہے، حکومت کی راہ میں رکاوٹیں ڈالنے کی کوشش کو باشعور پاکستانی عوام نے مکمل طور پر مسترد کر دیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما ڈاکٹر شاہد جاوید نے اپنے بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) نے مشکل حالات میں اقتدار سنبھالا جب پاکستان دیوالیہ ہونے کے قریب تھا اور ادارے تباہ حالی کا شکار تھے ان ابتر حالات میں پارٹی قیادت نے دانشمندی کا مظاہرہ کرتے ہوئے تمام سیاسی جماعتوں کو ساتھ لے کر چلنے کا فیصلہ کیا جس کے نتیجے میں آج ملک میں سیاسی اور معاشی استحکام کی راہ ہموار ہو رہی ہے۔ مزید کہا کہ عوام نے مسلم لیگ کی قیادت کو پانچ سال کے لئے ملک کی بھاگ ڈور سونپی اور حکومت گرانے کی باتیں کرنیوالے احمقوں کی جنت میں رہتے ہیں۔

خواتین کیخلاف جرائم میں ملوث ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچانے کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق خواتین کیخلاف جرائم میں ملوث ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچانے کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں۔ پولیس لائن چنیوٹ میں اینٹی ریپ انوسٹی گیشن اینڈ ٹرائل ایکٹ 2021 کے حوالے سے SSOIU کورس جاری ہے۔ آگاہی ورکشاپ میں ڈی ایس پی ہیڈکوارٹر مہدی حسن، تفتیشی افسران ※ لیڈیز اہلکاروں اور دفتری عملہ نے شرکت کی۔ ڈی ایس پی ہیڈکوارٹر مہدی حسن نے تفتیشی افسران کو اینٹی ریپ ایکٹ کے حوالے لیکچر دیا۔ ڈی ایس پی ہیڈکوارٹر نے تفتیشی امور میں نقائص کی نشاندہی کرتے معیار تفتیش بہتر بنانے کے حوالے سے ہدایات دیں۔ ورکشاپ کا مقصد ریپ کیس جیسے سنگین مقدمات میں ملوث ملزمان کو معیاری تفتیش سے قرار واقعی سزائیں دلوانا ہے۔ تفتیشی افسران کی پیشہ وارانہ استعداد کار میں اضافے کیلئے تربیتی ورکشاپس کا سلسلہ جاری رہے گا۔

جہلم شہر اور گردونواح میں قائم پرائیویٹ ہسپتالوں کے مالکان نے عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنا مشغلہ بنا لیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر اور گردونواح میں قائم پرائیویٹ ہسپتالوں کے مالکان نے عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنا مشغلہ بنا لیا، نارمل ڈیلیوری کو بھی بڑے آپریشن میں تبدیل کر دیا جاتا ہے قوم کے مسیحاؤں کی بدنیتی کی وجہ سے کئی معصوم جانیں ضائع ہو چکی ہیں اکثر ڈاکٹر حضرات سرکاری ہسپتالوں میں اپنی ڈیوٹی سرانجام دیتے ہیں مگر افسوس نوٹوں کی چمک کی وجہ سے ریفرنس اپنے پرائیویٹ ہسپتالوں کا دیتے ہیں، شہریوں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹیز کو فعال کر کے عوام کی جانوں سے کھیلنے والے نان پروفیشنلز ہسپتالوں کے مالکان کے لائسنس منسوخ کئے جائیں۔ شہر اور اطراف کے علاقوں میں درجنوں پرائیویٹ ہسپتال ایسے ہیں جو انسانیت کی خدمت کم اور اپنے کاروبار کو چمکانے میں زیادہ مصروف ہیں سادہ لوح عوام سے پیسے بٹورنے کے لئے مختلف حربے استعمال کئے جاتے ہیں۔ نارمل ڈیلیوری والے کیس کو بھی آپریشن قرار دیکر 40 سے 50 ہزار روپے بٹور لینا معمولی سی بات ہے۔ ظلم کی انتہا تو یہ ہے کہ اکثر پرائیویٹ ہسپتالوں میں نرسیں لیڈیز سرجنز ڈاکٹرز انیستھیزیا کے ڈاکٹرز کا کام بھی خود ہی کر رہے ہیں جو کہ زچہ بچہ اور لواحقین کے ساتھ سخت زیادتی کے مترادف ہے شہریوں نے ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹیز کو فعال کر کے عوام کی جانوں سے کھیلنے والے نان پروفیشنلز ہسپتالوں کے مالکان کے لائسنس منسوخ کئے جائیں

ڈپٹی کمشنر ساہیوال شاہد محمود نے گورنمنٹ بوائز اور گرلز ہائی سکولز کا دورہ کیا

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ڈپٹی کمشنر ساہیوال شاہد محمود نے گورنمنٹ بوائز اور گرلز ہائی سکولز 90/9-ایل کا دورہ کیا اور یہاں طلبا وطالبات کو فراہم کی جانے والی تعلیمی سہولتوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے کلاس رومز، لیب اور لائبریری سمیت دیگر شعبوں کا معائنہ کیا اور سکول انتظامیہ سے تعلیمی معیار اور سہولیات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ لی۔ ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے اس موقع پر اساتذہ اور طلبہ سے بھی گفتگو کی اور تعلیمی سرگرمیوں کے حوالے سے ان کے خیالات سنے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ سکولوں میں صفائی ستھرائی اور تعلیمی معیار کو مزید بہتر بنایا جائے تاکہ طلبہ کو ایک مثالی تعلیمی ماحول میسر آسکے۔

بھتیجے کی بیوی کو سنگین نتائج کی دھمکیاں اور زیادتی کی کوشش کرنے پر چچا سسر کیخلاف مقدمہ درج

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) بھتیجے کی بیوی کو سنگین نتائج کی دھمکیاں اور زیادتی کی کوشش کرنے پر چچا سسر کیخلاف مقدمہ درج کر لیا، مدعی مقدمہ نے پولیس کو درخواست دی کہ وہ اکیلی گھر میں رہتی ہے اس کا خاوند بیرون ملک مقیم ہے اس کا چچا سسر مقصود ان کے پاس رہتا ہے گزشتہ روز اس کے چچا سسر مقصود نے خاتون کو سنگین نتائج کی دھمکیاں دیتے ہوئے زیادتی کی کوشش کی پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے

اوکاڑہ پولیس نے سماج دشمن عناصر کے خلاف کاروائی کر کے تین بدنام منشیات فروشوں سے بھاری مقدار میں شراب اور چرس برآمد کر کے ان کو گرفتار کر لیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ پولیس نے سماج دشمن عناصر کے خلاف کاروائی کر کے تین بدنام منشیات فروشوں سے بھاری مقدار میں شراب اور چرس برآمد کر کے ان کو گرفتار کر لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ جمرہ شاہ مقیم کے ایس ایچ او اطہر رشید نے اپنی ٹیم کے ہمراہ منشیات فروشوں کے خلاف کاروائی کر کے بدنام زمانہ منشیات فروش شاء اللہ سے 1460 گرام چرس محمد احمد سے 25 لیٹر شراب اور انیس رضا سے 32 لیٹر شراب برآمد کر کے ان کے خلاف مقدمات درج کر لئے ہیں۔

تھانہ سٹی پولیس نے منشیات کے خلاف کریک ڈاؤن

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) تھانہ سٹی پولیس نے منشیات کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے بدنام زمانہ منشیات فروش قیصر ولد زوالفقار کو گرفتار کر کے ملزم کے قبضہ سے 10000 ہزار گرام چرس برآمد کر کے مقدمہ. 9-(1)3c. درج کر کے گرفتار ملزم قیصر ولد زوالفقار قوم جنگڑ سے مزید انکشافات حافظ آباد پولیس تھانہ سٹی کے ایس ایچ او سہیل اشرف نے منشیات فروشوں کے نیٹ ورک اور سہولت کار منشیات سپلائی کرنے والے ملزموں کو توڑ کر کیفر کردار تک پہنچایا ایس ایچ او تھانہ سٹی سہیل اشرف اور چوکی اے ڈویژن کے انچارج رانا گلزار حسین نے شہریوں، سول سوسائٹی کے لوگوں اور ہر شعبہ ہائے سے وابستہ کے لوگوں کو اپنا پیغام بھی دیا ہے، کہ وہ بھی ایسے منشیات فروشوں کی نشاندہی کریں تاکہ مل کر منشیات کے اس ناسور کو ختم کرنے میں اپنا اپنا کردار ادا کیا جاسکے منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لئے صحافیوں سے بھی تعاون کی اپیل کی گئی ہے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر فیصل گلزار ڈی ایس پی صدر سرکل رانا جمیل قیصر کی قیادت میں منشیات فروشوں کے خلاف کاروائیاں جاری رہیں گی

علاقہ تھانہ سول لائن سے منشیات فروشی کو جڑ سے خاتمہ کرنے پر اہلیان علاقہ کی طرف سے ایس ایچ او تھانہ سول لائن عثمان ذوالقرنین اور اے ایس آئی رانا جمشید کو مبارکباد



گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) علاقہ تھانہ سول لائن سے منشیات فروشی کو جڑ سے خاتمہ کرنے پر اہلیان علاقہ کی طرف سے ایس ایچ او تھانہ سول لائن عثمان ذوالقرنین اور اے ایس آئی رانا جمشید کو مبارکباد، عرصہ دراز سے تھانہ سول لائن کے علاقہ فتومنڈ میں منشیات فروشی کا دھندہ عروج پر تھا جسے ایس ایچ او تھانہ سول لائن عثمان ذوالقرنین اور اے ایس آئی رانا جمشید سمیت پولیس ٹیم کیساتھ مکمل کریک ڈاؤن کرتے ہوئے علاقے سے مکمل طور پر منشیات فروشی کا دھندہ ختم کر دیا جس پر اہل علاقہ نے ایس ایچ او عثمان ذوالقرنین اور اے ایس آئی رانا جمشید کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اہل علاقہ نے اس حوالے سے کہا ہے کہ ہم اللہ کے شکر گزار ہیں کہ ہمارے علاقے سے منشیات جیسی لعنت کا خاتمہ ہو چکا اور ہم اس نیک کام کیلئے سی پی او گوجرانوالہ کے شکر گزار ہے جنہوں نے تھانہ سول لائن میں ایک ڈنگ، بے باک، نڈر ایس ایچ او کو تعینات کیا اور ہمیں پتنگ بازی اور منشیات جیسی لعنت سے نجات دلائی۔

گیپکو سب ڈویژن پنڈی بھٹیاں کا ملازمین کا غنڈوں کے ساتھ دھاوا

ریونیو آفیسر گیپکو ڈویژن کے دفتر میں توڑ پھوڑ اور دفتری ریکارڈ پھاڑ دیا

جلال پور بھٹیاں (روز نامہ قوت۔رستم علی) گیپکو ڈویژن جلال پور بھٹیاں کے ریونیو آفیسر پر گیپکو سب ڈویژن پنڈی بھٹیاں کا ملازمین کا غنڈوں کے ساتھ دھاوا ریونیو آفیسر گیپکو ڈویژن کے دفتر میں توڑ پھوڑ اور دفتری ریکارڈ پھاڑ دیا ریونیو آفیسر اویس اسلم کو شدید تشدد کیا جلال پور بھٹیاں گیپکو ڈویژن ریونیو آفیسر پر سب ڈویژن پنڈی بھٹیاں ملازمین نے غنڈوں کے ساتھ ان کے دفتر پر دھاوا بول دیا ریونیو آفیسر کے دفتر میں توڑ پھوڑ اور دفتری ریکارڈ پھاڑ دیا ریونیو آفیسر اویس اسلم کو شدید زدوکوب کیا ریونیو آفیسر اویس اسلم کا کہنا تھا کہ گیپکو سب ڈویژن کے اہلکار غیر قانونی کام کروانا چاہتے تھے میں میں نے فیڈر کٹنگ کے سلسلے میں سرٹیفکیٹ درکار تھے وہ کہہ کر گئے ہیں ہم نے آپ کو سرٹیفکیٹ جاری کیے ہیں جاتے ہوئے مجھے جان سے مارنے کی دھمکیاں دی ہیں اس واقع پر ہائیڈرو لیبر ورکر یونین نے گیپکو سب ڈویژن پنڈی بھٹیاں کے غنڈہ عناصر کے خلاف احتجاج کیا ہائیڈرو لیبر ورکر یونین کی غنڈہ عناصر کے خلاف شدید نعرے بازی کیمپ یونین صدر کا کہنا تھا ملزمان کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے ملزمان کو گرفتار نہ کیا گیا تو ریونیو آفس بند کر دیں گے

شہر بھر میں سودی کاروبار کرنے والے اداروں کی بھرمار

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) شہر بھر میں سودی کاروبار کرنے والے اداروں کی بھرمار پیادہ لوح غربت افلاس کے مارے خاندانوں کو شکنجوں میں لا کر گھر کی چھتیں بھی چھین لی گئیں سود خور سنہری باغ دکھا کر جکڑ لیتے ہیں اور پھر سود کی وصولی میں گھر کی چھت تک چھین لیتے ہیں شہر بھر میں متعدد ادارے قائم ہیں متعدد افراد بھی ایسے گندے کام میں ملوث ہیں قرآن وحدیث میں سود خوری حرام سخت عذاب کے واضح احکامات کے باوجود دیدہ دلیری سے مکروہ دھندی جاری ہے اب تک کئی ضرورتمند اور غریب سود خوروں کی زد میں آ کر سب کچھ لٹا چکے ہیں مگر ادارے خاموش تماشائی ہیں اہل علاقہ نے سود خوروں کے خلاف شدید احتجاج کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ نارنگ اور گردونواح میں سودی کاروبار کرنے والے افراد اور جگہ جگہ گلی گلی کھلے پرائیویٹ اداروں کے خلاف سخت سے سخت کارروائی کی جائے۔

خواتین کیخلاف جرائم میں ملوث ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچانے کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم

روزنامہ ''قوت'' لاہور (7) جمعرات 30 جنوری 2025ء

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیٹ بُک جذبہ سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

WhatsApp 042-36360003

نقیب 1

رابطہ کیا ہے اور پیکارتحریکِ پی ٹی آئی کی مشاورت کے فیصلہ کے خلاف ہائی کورٹ راولپنڈی بنچ میں آئینی درخواست دائر کی ہے۔ درخواست گزار نے مؤقف اپنایا ہے کہ پاکستان تحریکِ انصاف پی ٹی آئی ایک سیاسی جماعت ہے جو الیکشن ایکٹ 2017ء کے تحت الیکشن کمیشن آف پاکستان میں رجسٹرڈ ہے۔ پارٹی کے آئین کے مطابق پارٹی کے عہدیداران کی مدت 4 سال

متنازعہ پیکا قانون کی منظوری صحافیوں کا گلہ دبانے کی سازش ہے، ضیاء الدین انصاری

حکومت نے قانون پاس کرکے آزادی صحافت پر قدغن لگایا جیسے مسترد کرتے ہیں، جماعت اسلامی لاہور متنازعہ پیکا قانون کے خلاف صحافی برادری کی جدوجہد کے شانہ بشانہ کھڑی ہے

متنازعہ پیکا قانون کو واپس لیا جائے، صحافیوں سے مشاورت کے بغیر یہ قانون پاس ہوا سمجھ سے بالاتر ہے، متنازعہ پیکا قانون کی منظوری کے خلاف صحافی برادری کا بھرپور ساتھ دینے کا اعلان

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ حکومت اور اس کے اتحادیوں کی جانب سے متنازعہ پیکا قانون کو منظوری صحافیوں کا گلہ دبانے کی سازش ہے۔ حکومت نے قانون پاس کرکے آزادی صحافت پر قدغن لگایا جیسے پوری صحافی برادری نے مسترد کیا ہے۔ جماعت اسلامی لاہور متنازعہ پیکا قانون کے خلاف صحافی برادری کی جدوجہد کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ صحافیوں سے مشاورت کے بغیر یہ قانون پاس ہوا سمجھ سے بالاتر ہے۔ حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ متنازعہ پیکا قانون کو واپس لیا جائے اور اس بنائے کیلئے صحافی برادری کے مشاورت کی جائے اور دوبارہ قانون پاس کیا جائے۔ ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی فیصلہ کن جدوجہد کی شدید مخالفت کرتی ہے اور اسکا پاکستانی میڈیا میں بھی مکمل بائیکاٹ ہونا چاہیے کہ صحافیوں کی آواز کو دبانے کی کوشش ہے۔

صفحہ نمبر 8



پیکا ایکٹ ترمیمی بل — پیکا ایکٹ ترمیمی بل — پیکا ایکٹ ترمیمی بل

لاہور: امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ پیکا ایکٹ کے ترمیمی بل کیخلاف لاہور پریس کلب کے سامنے صحافی تنظیموں کے مشترکہ احتجاج میں شرکاء سے خطاب کررہے ہیں

ٹرمپ انتظامیہ نے وفاقی ملازمتیں ختم کرنے کے لیے تلوار چلادی

جنہیں نوکری چھوڑنی ہے، وہ ای میل کا جواب دیں اور اپنی مرضی کا اظہار کریں، وائٹ ہاؤس

واشنگٹن (این این آئی) امریکا میں وفاقی ملازمتیں ختم کرنے کے لیے ٹرمپ انتظامیہ نے تلوار چلادی۔ وائٹ ہاؤس نے وفاقی ملازمین سے کہا ہے کہ جسے نوکری چھوڑنی ہے چھوڑ دے، معاوضہ دیا جائے گا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پرسنل مینجمنٹ سے متعلق وائٹ ہاؤس کے دفتر کی جانب سے سوشین تھوکتی حکومتی ملازمین کو جاری دھمکی خبر ای میل میں نوکری چھوڑنے کا آسان سا حل بتایا گیا ہے۔

صفحہ نمبر 36

100 سے زائد ڈکیتیوں میں مطلوب ملزم پولیس حراست سے فرار

پولیس اہلکار کو معطل کردیا گیا، ملزم نے واردات میں ڈیڑھ سے 2 کروڑ روپے کے زیورات چوری کیے تھے

کراچی (این این آئی) ایک سو سے زائد ڈکیتیوں میں مطلوب ملزم کراچی پولیس کی حراست سے فرار ہوگیا۔ پولیس کے مطابق ملزم ریاست کو چکمہ دے کر فرار ہوا، ملزم نے واردات میں ڈیڑھ سے 2 کروڑ روپے کے زیورات چوری کیے (باقی صفحہ پر پڑھیں)

صفحہ نمبر 68



سوہاوہ ڈپٹی ڈائریکٹر اعوان محمد حسین زیدی گذشتہ دنوں میں آر ڈی روڈ کی کنسٹرکشن کا افتتاح کررہے ہیں

محکوم نے حامد رضا کے گھر چھاپہ مار کر مذاکرات سبوتاژ کیے، رزتاج گل

حکمرانوں نے تحریک انصاف کے کارکنان کو دہشت گرد بنا کر انسداد دہشت گردی عدالت کے باہر کھڑا کردیا ہے

مذاکرات ہماری کمزوری نہیں تھے، ملک کی خاطر بات چیت شروع کی، رہنما پی ٹی آئی کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) تحریک انصاف کی مرکزی راہنما اڈیالہ جیل کی اسیر رزتاج گل نے کہا ہے کہ ملک میں دہشت گردی بڑھ رہی ہے، 17 سیٹوں والی حکومت نے نئی اتحادکونسل کے سربراہ حامد رضا کے گھر چھاپہ مار کر مذاکرات سبوتاژ کیے، مذاکرات ہماری کمزوری نہیں تھے، ملک کی خاطر بات چیت شروع کی تحریک انصاف کی مرکزی رہنما رزتاج گل، اسد درانی اور دہشت گردی کی عدالت پیشی کے بعد میڈیا سے گفتگو کررہی تھیں۔ ان کا کہنا تھا (باقی صفحہ پر پڑھیں)

صفحہ نمبر 44



لاہور: سوہاوہ ڈپٹی کمیشنر ملک فیصل ایوب کھوکھر میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

قطر کا مشرق وسطیٰ تنازعہ کے دو ریاستی حل کا اعادہ

تنازعہ کا دو ریاستی حل ہی واحد طریقہ ہے، ترجمان وزارت خارجہ

دوحہ (این این آئی) قطری وزارت خارجہ کے ترجمان نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی طرف سے فلسطینیوں کو غزہ سے دوسرے ملکوں میں منتقل کیے جانے کے اصرار پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ ہم اپنے

پاکستان کی درجہ بندی اب بھی جنگ کیٹیگری میں ہے، مقررین

ٹیکس امداد میں سلیز ٹیکس کی ریونیو گروتھ اکم ٹیکس کلیکشن سے زیادہ ہے

لاہور (این این آئی) عالمی ریٹنگ ایجنسیوں کی نہیں کیا ہم پاکستان کی قرض کی اور اندرونی کی صلاحیت کو چاہیے ہے پاکستان کی درجہ بندی اب بھی جنگ دیرینہ خطرات موجود ہیں جو اس کی شناخت کرتا کلیکٹری میں ہے، پاکستان نے کبھی بھی آئی ایم ایف یا ہے کہ ابھی یہ اچھی کے ساتھ اداکیے سے انکار کسی دوسرے ملک یا ایجنسی کے ساتھ ادائیگی (باقی صفحہ پر پڑھیں)

صفحہ نمبر 50

پنج پیر راکس، راولپنڈی کی قدرتی خوبصورتی کا حیرت انگیز شاہکار

6 ہزار فٹ کی بلندی پر موجود یہ چٹانیں اپنی خوبصورتی اور دلکشی کے لیے مشہور ہیں

کہوٹہ (این این آئی) راولپنڈی کی جھیل کہوٹہ میں موجود پنج پیر راکس قدرتی حسن کے ایک منفرد شاہکار کے طور پر سامنے آتے ہیں۔ یہ دلکش چٹانیں اسلام آباد سے تقریباً 80 کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہیں، جہاں تک پہنچنے کے لیے تین گھنٹے کا سفر کرنا پڑتا ہے۔ پنج پیر راکس کا راستہ کالا پل، کہوٹہ روڈ، آزاد پتن اور بفالو ٹیلے سے ہو کر گزرتا ہے، جہاں سے ایک بلند ڈیلی سرک (باقی صفحہ پر پڑھیں)

صفحہ نمبر 51

تحریک پاکستان کے عظیم رہنما اور لفظ پاکستان کے تجویز کنندہ چوہدری رحمت علی کی 74 ویں برسی 3 فروری کو منائی جائے گی

کوئٹہ (این این آئی) تحریک پاکستان کے عظیم رہنما اور لفظ پاکستان کے تجویز کنندہ چوہدری رحمت علی کی 74 ویں برسی 3 فروری کو منائی جائے گی اس سلسلے میں فیصل آباد سمیت ملک بھر میں مسلم لیگ سمیت دیگر تنظیموں کے زیر اہتمام مختلف تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جس سے خطاب کرتے ہوئے مقررین قائد اعظم محمد علی جناح کے دیرینہ رفیق چوہدری رحمت علی کی خدمات پیش کی گئی خدمات کو خراج عقیدت پیش کریں گے بقیہ مرحوم (باقی صفحہ پر پڑھیں)

صفحہ نمبر 57

پنجاب میں پہلی بار ٹریفک قوانین سے متعلق آگاہی کیلئے تھیم پارکس کا قیام

تھیم پارک میں شہری سیر وتفریح کیساتھ ٹریفک قوانین سے متعلق آگاہی بھی حاصل کرسکیں گے

لاہور (این این آئی) پنجاب میں پہلی بار ٹریفک قوانین سے متعلق آگاہی کے حوالے سے تھیم پارکس کا قیام عمل میں آگیا، تھیم پارک میں شہری سیر وتفریح کیساتھ ٹریفک قوانین سے متعلق آگاہی بھی حاصل کرسکیں گے۔ ترجمان ٹریفک پولیس کے مطابق ابتدائی مرحلہ میں ٹریفک آگاہی تھیم پارک گوجرانوالہ، فیصل آباد اور ساہیوال میں بنائے گئے ہیں، تفریحی پارکس کے اندر ٹریفک قوانین سے متعلق آگاہی بھی حاصل کرسکیں گے

صفحہ نمبر 41

غزہ کے لوگوں کو گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کردیا، ایرانی سپریم لیڈر

سیاسی وجغرافیائی مفاعلت کاری کے ذریعے فلسطینیوں کو ہجرت پر مجبور نہیں کیا جاسکے گا، گفتگو

تہران (این این آئی) ایران کے سپریم لیڈر علی خامنہ ای نے غزہ میں اسرائیلی جنگ کے بارے میں تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ غزہ کے لوگوں نے اسرائیل کو اپنے علاقے میں گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کردیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق وہ ہفتہ وار ملاقات میں اسرائیلی جنگ کے حوالے سے مقررین کے خطاب کے دوران گفتگو کررہے تھے۔ ایران کی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ (باقی صفحہ پر پڑھیں)

صفحہ نمبر 42



راولپنڈی: پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما سحر جمشید چیمہ میڈیا سے گفتگو کررہی ہیں

لاہور بورڈ نے سیکریسی افسران کی بھرتی کیلئے اشتہاری جاری کردیا

سیکریسی افسران میٹرک، انٹر کے امتحان میں بلور سیکریسی آفیسر خدمات سرانجام دینگے

لاہور (این این آئی) بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن لاہور نے سیکریسی افسران کی بھرتی کیلئے اشتہاری جاری کردیا، سیکریسی افسران میٹرک اور انٹر کے امتحان میں بطور سیکریسی آفیسر خدمات سر انجام دیں گے۔ مذکورہ بھرتیاں عارضی بنیاد پر کی جائیں گی۔ سرکاری، نیم سرکاری اور خود مختار تعلیمی اداروں میں خاصر روں اور ریٹائرڈ ملازمین جو تکنیکی تعلیم آفیسر کا تجربہ رکھتے ہوں گے انہیں ترجیح دی جائے گی۔ میٹرک سیکریسی اہلیتی سند میں کام کرنے کے خواہشمند امیدوار 15 فروری اور انٹرمیڈیٹ سیکریسی اہلیتی سند کام کرنے کے خواہشمند امیدوار درخواست فارم 8 تک 17 فروری تک آرائیڈی پی ایز میں جمع کرواسکتے ہیں۔

ایک ماہ کیلئے بجلی کی فی یونٹ قیمت میں 1 روپے 3 پیسے تک کی کا امکان

سینٹرل پرچیز بورڈ پاور ایجنسی نے قیمت میں کمی کیلئے نیپرا کو درخواست دی جس پر آج سماعت ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) بجلی صارفین کیلئے اچھی خبر ہوسکتی ہے جب کہ ایک ماہ کیلئے بجلی کی فی یونٹ قیمت میں 1 روپے 3 پیسے تک کی کا امکان ہے۔ رپورٹ کے مطابق سینٹرل پرچیز بورڈ پاور ایجنسی نے قیمت میں کمی کیلئے نیپرا کو درخواست دی ہے، نیپرا درخواست پر قیمت کے حوالے سے آج جمعرات کو سماعت کرے گا۔ درخواست میں دسمبر کے ماہانہ فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کی مد میں کمی کی مانگی گئی، اس میں کہا گیا کہ دسمبر میں ڈسکوز کو 7 ارب 51 کروڑ 60 لاکھ کا پنس بجلی فراہم کی گئی، دسمبر میں فی یونٹ بجلی کی فیول لاگت 9 روپے 60 پیسے رہی، ماہ دسمبر میں لاگت کا تخمینہ 10 روپے 63 پیسے فی یونٹ تھا۔ درخواست کے مطابق ایک ماہ میں پانی سے 22.80 فیصد بجلی کی پیداوار رہی، ماہ دسمبر میں مقامی (باقی صفحہ پر پڑھیں)

صفحہ نمبر 34

غزہ معاہدے کے دوسرے مرحلے کے لیے مذاکرات کا آغاز

اسرائیلی انتظامیہ آئندہ دنوں میں رفح کی گزرگاہ کھولنے کا ارادہ رکھتی ہے، ذرائع کے مطابق حماس آئندہ دنوں میں رفح کی گزرگاہ کھولنے کا ارادہ رکھتی ہے تاکہ اس کے دشمنوں کو علاج کے لیے بھیجا جاسکے اور جنگ کے دوران میں فرخوں پی ٹی آئی کے کوچ کرجانے والے (باقی صفحہ پر پڑھیں)

صفحہ نمبر 43

فلسطینی عوام غزہ شہر میں اپنے گھروں کی طرف رواں دواں

لاکھوں لوگ گھر واپسی کی امنگ لئے پورے پختہ عزم کے ساتھ واپس آرہے ہیں، رپورٹ

ان کے سینکڑوں ہزاروں پیارے اور رشتہ دار اپنی آزادی کی خاطر جانیں دے چکے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اُنہیں اپنے اُوپر ہونے والے بم کے گرنے کا اندازہ تھا اور وہ جانتے تھے کہ اس کے دھماکے کے بعد اُن کے پاس بہت کم وقت ہوگا جس میں وہ اپنے پیاروں کی لاشوں اور باقیات کی وہ کم از کم تلاش کرسکیں۔ جہاں تک غزہ کی پی ٹی وی (باقی صفحہ پر پڑھیں)

صفحہ نمبر 45

کوئٹہ، 13 سالہ امریکی شہری لڑکی کے قتل کا مقدمہ درج

لڑکی کے قتل کا مقدمہ لڑکی کے والد کی مدعیت میں درج ہے، تفتیش جاری ہے، پولیس

اہل خانہ کے مطابق 13 سالہ حرا کی امریکن شہریت تھی اور وہ اپنے والد کے ہمراہ امریکہ سے آئی تھی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے علاقے بلوچی اسٹریٹ میں فائرنگ سے 13 سالہ امریکی شہری لڑکی کے قتل کا مقدمہ درج کرلیا گیا، واقعہ ماڑی کے والد اور پھوپھا شامل تفتیش ہیں۔ پولیس کے مطابق لڑکی کا مقدمہ لڑکی کے والد کی مدعیت میں درج ہے، تفتیش جاری ہے، اہل خانہ کے مطابق 13 سالہ حرا کی امریکن شہریت تھی اور وہ اپنے والد کے ہمراہ امریکہ سے آئی تھی۔ ایف آئی آر کے متن میں لڑکی کے والد انوار الحق نے بتایا ہے کہ وہ 28 سالوں سے امریکہ میں مقیم ہیں، وہ آبائی علاقے کے دورے کے بعد واپس کروڈ ڈلہ ٹرمپ کے تجویز کردہ طیارے راستوں اسرائیل اور فلسطین کے درمیان پرامن راہی بتائے گئے مقیم سے حکام ہے۔ فراس ورباری حق میں پرواز دیتا ہے اور پریس کے نزدیک غزہ کے فلسطینیوں کی کوئی بھی جبری ہجرت ناقابل قبول ہے۔ فراس کے دفتر خارجہ نے بیان میں کہا کہ ہم اور انوار ایسوسی ایشن بلوچستان کے ساتھ مل کر لاپتہ افراد کے لواحقین کی فارنگ (باقی صفحہ پر پڑھیں)

صفحہ نمبر 47



چیئرمین چاکلیٹ پبلشنگ بیورو سمارہ حافظ آباد میں چاکلیٹ پبلشنگ بیورو کا افتتاح کررہی ہیں

پاکستان کا تعلیمی نظام نہایت کمزور اور بوسیدہ ہو چکا ہے، پروفیسر محمد یاسین ظفر

اسے جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کی اشد ضرورت ہے، ناظم اعلیٰ وفاق المدارس السلفیہ

کانفرنس کا تعلیمی نظام نہایت کمزور اور بوسیدہ ہو چکا ہے، اسے از سر نو مرتب کرنے اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کی اشد ضرورت ہے، خصوصاً پاکستان میں بڑے پیمانے پر دینی جامعات میں شرعی علوم کی تدریس کے ساتھ ساتھ جدید مروجہ علوم کی تخصصات ہونے چاہئیں اور حالات حاضرہ کے تقاضوں کے مطابق تحقیقی علمی (باقی صفحہ پر پڑھیں)

صفحہ نمبر 53

دوسروں کا بھلا کرنے والوں پر اللہ تعالیٰ مہربان ہو جاتا ہے، ارشد منظور

وہ لوگ عظیم ہیں جو افراتفری کے دور میں بھی انسانیت کی بے لوث خدمت کررہے ہیں، گفتگو

نگہ صاحب (این این آئی) نگہ گل صاحب نے کہا کہ بانی شہرت یافتہ جناب ارشد محمود کا کہنا تھا کہ اللہ پاک کے دوستوں کے ساتھ بھلائی کرنے کا عمل بے حد پسند ہے اور جو دوسروں کی خدمت کرتے ہیں ان پر اللہ تعالیٰ مہربان ہوتا ہے اور خدا سے بے لوث محبت کرنے والے اللہ تعالیٰ اور نبی اپنے حبیبؐ کے (باقی صفحہ پر پڑھیں)

صفحہ نمبر 54

عالمی بینک کا نائب صدر برائے جنوبی ایشیا مارٹن ریزر کا دورہ پاکستان، 20 ارب ڈالر کا قرض نارکافی، عالمی بینک

پاکستان کو چیلنجز سے نمٹنے کیلئے 20 ارب ڈالر کا قرض ناکافی، عالمی بینک

تعلیم کی شرح صرف 2.5 فیصد ہو تو ہم کوئی لانگ ٹرم ترقی اور گروتھ حاصل نہیں کی جاسکتی، عالمی بینک کے نائب صدر برائے جنوبی ایشیا مارٹن ریزر

چیلنجز سے نمٹنے کیلئے پاکستان کو مزید وسائل تلاش کرنا ہونگے، عالمی بینک مزید وسائل کی تلاش کیلئے تیار ہے

چیلنجز سے نمٹنے کیلئے 10 سال کے عرصے میں 20 ارب ڈالر کے متاصد کے اہداف کے حصول کیلئے 20 ارب ڈالر کی ترقہ ناکافی ہوگا، لہذا چیلنجز سے نمٹنے کیلئے پاکستان کو مزید وسائل تلاش کرنا ہونگے۔ انھوں نے مزید کہا کہ انھوں نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان کو وہیش

صفحہ نمبر 33



لاہور: وزیر صحت پنجاب خواجہ سلمان رفیق محکمہ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

صبح 6 سے 11 بجے تک آئل ٹینکرز کے داخلے پر پابندی سے ایندھن کی فراہمی متاثر

لاہور (این این آئی) آئل کمپنیز ایڈوائزری کونسل نے چیف سیکرٹری پنجاب کو پٹرول کی فراہمی سے متعلق بھگای خط لکھ دیا۔ خط کے متن میں کہا گیا ہے کہ لاہور ٹریفک پولیس نے صبح 6 بجے سے دوپہر 11 بجے تک بھاری ٹریفک کی آمد پر پابندی عائد کردی ہے جس کی وجہ سے ہر 400 پٹرول پمپس کی فراہمی متاثر اور پٹرول کی فراہمی کا نظیں مسئلہ سامنے آگے چیف سیکرٹری پنجاب کو لکھے گئے خط میں مزید کہا گیا ہے کہ بھاری ٹریفک پر عائد پابندی سے آئل ٹینکرز کو اضافی دیا جائے گا۔ اس (باقی صفحہ پر پڑھیں)

صفحہ نمبر 35

صوبے بھر میں گاڑیوں کے لوکیشن ٹیکس کی چیکنگ کا سلسلہ جاری ہے، ڈی جی ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن پنجاب

لاہور (این این آئی) ڈی جی ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن عنبر شمیم بٹھنے نے کہا ہے کہ محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن پنجاب کی جانب سے صوبے بھر میں ٹوکن ٹیکس کیلئے گاڑیوں کی چیکنگ کا سلسلہ جاری ہے۔ اس سلسلے میں فیصل آباد میں 400 سے زائد گاڑیوں کا معائنہ کیا گیا۔ 10 گاڑیوں کے خلاف مقدمات درج کیے گئے۔ 6894 گاڑیاں چیک کی گئیں، 6894 گاڑیوں میں سے (باقی صفحہ پر پڑھیں)

صفحہ نمبر 37



لاہور: سینئر نائب صدر لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری خالد عثمان ایرانی قونصل جنرل مہران موضد فر سے ملاقات کررہے ہیں

بھارت میں مسلم دشمن مہم جاری، بیٹ دوارکا میں 525 جائیدادیں مسمار

ہندوؤں نے درگاہوں کو بلڈوز کے جانے کے سیت مسلمانوں کے مذہبی مقامات کی تباہی کا جشن منایا

نئی دہلی (این این آئی) حکومتی معلوم کرنے والی ایک رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ بھارت بھر میں ہندوؤں کے ہجوم نے مسلمانوں کے درگاہوں کو بلڈوز کرنے کے سیت مسلمانوں کے صرف ریاست گجرات کے ضلع بیٹ دوارکا میں مذہبی مقامات کی تباہی کا جشن منایا اور نعرے لگائے۔ چونکہ ان والی بات ہے یہ کہ مندر کے گئے۔ مکانات کے مسلمانوں کی 525 جائیدادوں کو مسمار کردیا ہے۔ ضلعی میڈیا سروس کے مطابق ایسوسی ایشن فار پیپلز آف سول رائٹس (اے پی آر) کی جاری کردہ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ مسمار کیے گئے زیادہ مکانات مسلمان والی گیروں کے تھے۔ رپورٹ میں ایسی مثالوں کا حوالہ دیا گیا ہے جہاں ہندوؤں نے بھر میں ہماری مسلم دشمن مہم کے ایک حصے کے طور پر مسلمانوں کے مذہبی مقامات کی تباہی کا جشن منایا اور نعرے لگائے۔ چونکہ ان والی بات ہے یہ کہ مندر کے گئے۔ مکانات میں سے 52 سرکاری بلڈنگ اکیم" پر حان متعزی پر فیکٹس آف سول رائٹس (اے پی آر) کی جاری کردہ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ مسمار کیے گئے زیادہ تر مکانات مسلمانوں کی (باقی صفحہ پر پڑھیں)

صفحہ نمبر 60

معاشیات اور بزنس کمیونٹی کے ماہر شیری رحمان نے پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت اختیار کرلی

راؤ بابر جمیل کی پیپلز پارٹی میں شمولیت خوشگوار اضافہ، انکی خدمات کسی تعارف کی محتاج نہیں، رابعہ پرویز اشرف

پاکستانی معیشت کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے ہر سیاسی جماعت کو ٹیکو کریٹس کی ضرورت ہے، سید حسن مرتضیٰ

لاہور (این این آئی) ماہر معاشیات راؤ بابر جمیل نے پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت اختیار کرلی۔ ساتھ ہی پارٹی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے انہیں پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کا جنرل سیکرٹری مقرر کردیا۔ رابعہ پرویز اشرف کی رہائش گاہ پر ہونے والی تقریب میں شہباز سپیڈ، فیصل میر، حسن رضوی، نعیم صابر، عائشہ نواز چوہدری، بشریٰ پرویز اشرف، رابعہ کیا، بلاشت علی (باقی صفحہ پر پڑھیں)

صفحہ نمبر 61



لاہور: پی آئی اے کے ملازمین پلی کے نیچے پھولوں کی دیکھ بھال میں مصروف ہیں

کراچی کے کسی سگنل پر خواجہ سراء و بھکاری نظر نہ آئیں، سندھ ہائیکورٹ

عدالت عالیہ نے پولیس کو ٹریفک سگنلز پر بھکاریوں کے خلاف کارروائی کا حکم دے دیا

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ کے آئینی بنچ نے ٹریفک سگنلز پر خواجہ سراؤں کے بھیک مانگنے کے خلاف درخواست پر احکامات جاری کرکے کسی بھی سگنل پر خواجہ سراء اور دیگر بھکاری موجود نہ ہوں۔ ٹریفک سگنلز پر بھکاری (باقی صفحہ پر پڑھیں)

صفحہ نمبر 62

سانگلہ ہل میں انکروچمنٹ کے نام پر غریب عوام کا بھیجا حال کیا جارہا ہے، صاحبزادہ حافظ فاران سہیل

نگہ صاحب (این این آئی) سانگلہ ہل تحریک کے سینئر رہنما صاحبزادہ حافظ فاران سہیل نے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ سانگلہ ہل کے بڑے مگرمچھوں قبضہ مافیا کو سہولیات فراہم کی جارہی ہیں اور چھوٹے چھوٹے ٹھیلے والے اور ریڑھی بانوں کو حکومتی ٹولہ پریشان کررہا ہے انہوں نے کہا کہ انکروچمنٹ کے نام پر غریب عوت کشوں پر مظالم ڈھائے جارہے ہیں انہوں نے کہا کہ گذشتہ دنوں اور غریب کی آہ سے بچا جائے

صفحہ نمبر 64

ڈی پی او نکانہ سید ندیم عباس نے تھانہ صدر نکانہ میں کھلی کچہری کی انعقاد کیا

ڈی پی او نکانہ کا شہریوں کو انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری

عباس نے تھانہ صدر نکانہ میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا اور آئی جی پنجاب کے ویژن کے مطابق ڈی پی او نکانہ کا شہریوں کو انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔ ڈی پی او نکانہ سید ندیم عباس نے تھانہ صدر نکانہ میں کھلی کچہری کے دوران ڈی پی او نے شہریوں کی درخواستیں سنیں اور مسائل سنے اور موقع پر ہی فوری حل کے احکامات (باقی صفحہ پر پڑھیں)

صفحہ نمبر 65

بین الاضلاعی ڈکیت گینگ کا سرغنہ دو ساتھیوں سمیت گرفتار

ڈی پی او نکانہ سید ندیم عباس کی ہدایت پر سی آئی اے پولیس نکانہ کی بڑی کارروائی

نگہ صاحب (این این آئی) ڈی پی او نکانہ سید ندیم عباس کی ہدایت پر سی آئی اے پولیس نکانہ کی بڑی کارروائی۔ بین الاضلاعی ڈکیت گینگ کا سرغنہ دو ساتھیوں سمیت گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق ملزمان سے متعلقہ واردات میں شہریوں سے اسلحے کے زور پر چھینے ہوئے لاکھوں روپے بلیٹ کے 5 موٹر سائیکل، نقدی اور اسلحہ برآمد کرایا گیا۔ گرفتار ملزمان میں گینگ کا سرغنہ داد اور خرم دلاوری (باقی صفحہ پر پڑھیں)

صفحہ نمبر 67



ناروال: مسلم لیگ ن کے کارکنان وفاقی وزیر احسن اقبال سے اظہار یکجہتی کیلئے ریلی نکال رہے ہیں

ڈی پی او نکانہ کا شہریوں کو انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری

عباس نے تھانہ صدر نکانہ میں کھلی کچہری کی انعقاد کیا اور آئی جی پنجاب کے ویژن کے مطابق ڈی پی او نکانہ کا شہریوں کو انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔ ڈی پی او نکانہ سید ندیم

صاحبزادہ حافظ فاران سہیل

نگہ صاحب (این این آئی) تحریک انصاف کے سینئر رہنما صاحبزادہ حافظ فاران سہیل نے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ سانگلہ ہل کے بڑے مگرمچھوں قبضہ مافیا کو سہولیات فراہم کی جارہی ہیں اور چھوٹے چھوٹے ٹھیلے والے اور ریڑھی بانوں کو حکومتی ٹولہ پریشان کررہا ہے انہوں نے کہا کہ انکروچمنٹ کے نام پر غریب عوت کشوں پر مظالم ڈھائے جارہے ہیں انہوں نے کہا کہ گذشتہ دنوں اور غریب کی آہ سے بچا جائے

سانگلہ ہل شیرانوالہ چوک ٹریفک پولیس اور خدمت سینٹر کے اہلکاروں کیلئے سونے کی کان بن گئی

نگہ صاحب (این این آئی) ڈی پی او نکانہ سید ندیم عباس نے ڈیوٹی میں غفلت برتنے پر 14 پولیس اہلکاروں کے خلاف محکمانہ کارروائی کی ہدایت کی ہے۔ ان میں 2 ایس ایچ اوز، 2 ایس آئی، 2 اے ایس آئی، 2 ہیڈ کانسٹیبل، 4 کانسٹیبل اور ایک ایف سی اہلکار شامل ہیں۔ ان کے خلاف کارروائی کا حکم ڈی پی او نکانہ نے ڈیوٹی میں غفلت برتنے پر دیا ہے۔ ڈی پی او نکانہ سید ندیم عباس نے ڈیوٹی میں غفلت برتنے پر 14 پولیس اہلکاروں کے خلاف محکمانہ کارروائی کی ہدایت کی ہے۔ ان میں 2 ایس ایچ اوز، 2 ایس آئی، 2 اے ایس آئی، 2 ہیڈ کانسٹیبل، 4 کانسٹیبل اور ایک ایف سی اہلکار شامل ہیں۔ ان کے خلاف کارروائی کا حکم ڈی پی او نکانہ نے دیا ہے۔

ڈی پی او نکانہ کا شہریوں کو انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری

عباس نے تھانہ صدر نکانہ میں کھلی کچہری کی انعقاد کیا اور آئی جی پنجاب کے ویژن کے مطابق ڈی پی او نکانہ کا شہریوں کو انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔ ڈی پی او نکانہ سید ندیم

صاحبزادہ حافظ فاران سہیل

نگہ صاحب (این این آئی) سانگلہ ہل کے بڑے مگرمچھوں قبضہ مافیا کو سہولیات فراہم کی جارہی ہیں اور چھوٹے چھوٹے ٹھیلے والے اور ریڑھی بانوں کو حکومتی ٹولہ پریشان کررہا ہے انہوں نے کہا کہ انکروچمنٹ کے نام پر غریب عوت کشوں پر مظالم ڈھائے جارہے ہیں انہوں نے کہا کہ گذشتہ دنوں اور غریب کی آہ سے بچا جائے

سانگلہ ہل شیرانوالہ چوک ٹریفک پولیس اور خدمت سینٹر کے اہلکاروں کیلئے سونے کی کان بن گئی

نگہ صاحب (این این آئی) ڈی پی او نکانہ سید ندیم عباس نے ڈیوٹی میں غفلت برتنے پر 14 پولیس اہلکاروں کے خلاف محکمانہ کارروائی کی ہدایت کی ہے۔ ان میں 2 ایس ایچ اوز، 2 ایس آئی، 2 اے ایس آئی، 2 ہیڈ کانسٹیبل، 4 کانسٹیبل اور ایک ایف سی اہلکار شامل ہیں۔ ان کے خلاف کارروائی کا حکم ڈی پی او نکانہ نے دیا ہے۔

چیف ایڈیٹر — میاں محمد شاہنواز
ایگزیکٹو ایڈیٹر — صوف الطاف چوہدری
سینئر کارپوریٹ ایڈیٹر — ڈاکٹر محمد حسن محمود
ایڈیٹر — امداد اللہ قریشی
سینئر نیوز ایڈیٹر — چوہدری محمد امین شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر — محمد شہزاد میاں
لیگل ایڈوائزر — بیرسٹر شیخ علی رضا ایڈووکیٹ ہائیکورٹ
جائنٹ ڈائریکٹر ایڈورٹائزنگ — چوہدری محمد حسین
ایڈیٹر — محمد شہزاد میاں
ایڈیٹر — محمد شہزاد میاں
ایڈیٹر — محمد شہزاد میاں